اس اقتباس کو آپ ملاحظہ فرمائیں نہ صرف ایک فرد کو بلکہ ایک طبقے کو ، ایک گروہ کو ایک جماعت کو اور کسی بھی علاقے کو اس ایکٹ کی تنفیص سے مستثنیٰ قرار دیا جا سکتا تھا - چنانچہ جب مرکزی حکومت نے یہ بل بنانے کا ارادہ کیا تو اس کے سامنے یہ سارے قوانین تھے اور یہ سارے تجربات تھے - ہم جانتے تھے کہ ایک ایسا قانون بنایا جائے جس میں اس طرح کا کوئی چور دروازہ باقی نہ رہے - آپ دیکھیں گے کہ یہ بل جو اس وقت زیر بحث ہے اس کے اندر کسی قسم کے پرمٹ کی ایگزمپشن کی گنجائش باقی نہیں رکھی گئی ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہو کہ ہم اس بل کے سلسلے میں نیم دلانہ انداز اختیار کر رہے ہیں بلکہ مرکزی حکومت کا یہ مصمم ارادہ ہے کہ وہ اس کی تنفیض کے لیے تمام تر کوششیں بروئے کار لا کر رہے گی - اس بل کے اندر تمام مسلمانوں کے لئے شراب کے استعمال ، اس کے بنانے ، اس کے فروخت کرنے ، اس کی ٹرانسپورٹیشن ممنوع قرار دی گئی ہے - اس کی باقاعدہ سزا مقرر کی گئی ہے اس ضمن میں ، میں عرض کروں گا کہ مولانا مفتی محمود کی حکومت نے جو سزائیں تجویز کی تھیں اس سے کہیں زیادہ اور مؤثر سزائیں اس بل میں تجویز کی گئی ہیں - انہوں نے جو سزائیں تجویز کی تھیں وہ یہ تھی کہ اس کی خلاف ورزی پر ۶ مہینے کی سزا یا ایک ہزار روپیہ جرمانہ ہو سکتا تھا لیکن اس بل میں دو سال تک سزا یا ۱۰ ہزار روپے جرمانہ تک کی سزا تجویز کی گئی ہے - پھر اس بل کے

اندر غیر مسلموں کے لیے بھی شق نمبر ۳ ملاحظہ فرمائیں ۔ آپ دیکھیں گے کہ جہاں تک اس کے بنانے ، اس کی ٹرانسپورٹیشن ، اس کی ایکسپورٹ یا امپورٹ کا تعلق ہے ، یہ ساری چیزیں مسلمانوں کے ساتھ ساتھ غیر مسلموں کے لیے بھی ممنوع قرار دی گئیں ہیں ۔ آپ اس بل میں دیکھیں گے کہ نہ وہ کوئی دوکان یا شراب خانہ کھول سکتا ہے اور نہ ھی ملک کے اندر کوئی غیر مسلم بھی یہ کار و بار کر سکتا ہے ۔ نہ شراب کا کار و بار کر سکتا ہے نہ اس کی فروخت کر سکتا ہے ۔

اس کے ساتھ ساتھ ہمیں یہ بھی احساس تھا کہ کہیں پولیس اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال نہ کرے اور شریف شہریوں کو پریشان نہ کرے ۔ چنانچہ اس کا بھی سد باب کیا گیا ہے تاکہ محض شک و شبہ کی بنا پر پولیس رشوت کا بازار گرم کرنے کے لیے ایسے اقدامات سے باز رہے ۔ آپ بل کا مطالعہ فرمائیں گے تو آپ کو اندازہ ہو گا کہ اس پہلو سے یہ بل اپنے اندر جامعیت کی شان رکھتا ہے ۔ مجھے اس بات کا خیال ہے کہ بعض غیر مسلم افراد نے بھی یہ بیانات دیئے ہیں کہ ان کے مذھب میں بھی شراب حرام ہے اس لیے جہاں شراب کے استعمال کا تعلق ہے ، اس قانون کا ان کے اوپر بھی اطلاق ہونا چاہیئے ، وہ بھی اس کی خلاف ورزی پر سزا کے مستحق و مستوجب گردانے جائیں لیکن چونکہ ہمارے آئین میں غیر مسلموں کے پرسنل لاء کو محفوظ رکھا گیا ہے اس لیے جب تک واضح طور پر پر ایک طبقہ کی رائے ہمارے سامنے نہیں آئے گی ، اکا دکا کی رائے سے کوئی فیصلہ ہم اس ضمن میں نہیں کر سکتے تاکہ کوئی یہ خیال نہ کرے کہ ہم اپنے نظریے اور اپنے مذہب کو کسی اعتبار سے بھی ان پر زبردستی مسلط کرنے کے خواہش مند ہیں ۔ میں نے مینارٹی افیئرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اس سلسلے میں تمام اقلیتوں کے راہبروں سے ، نیچی سطح کے افراد سے رابطہ قائم کریں اور یہ سروے کریں کہ اقلیتیں اس سلسلے میں کیا چاہتی ہیں ۔ جب تک اس سلسلے میں کوئی واضح چیز ابھر کر ہمارے سامنے نہ آئے اس وقت تک ہم اپنے افراد وطن کی خواہشات کے مطابق قانون میں ان کے لیے پابندی نہیں رکھ سکتے لیکن اگر انہوں نے ضرورت محسوس کی تو ہم پھر بھی اس میں مناسب ترمیم کر سکتے میں ۔

جناب والا ! میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بل جو پیش کیا گیا ہے یہ اسلامی نظریہ حیات کی ترویج کے لیے اس ملک میں اہم قدم ہے ۔ کون اس بات سے انکار کر

[Maulana Kausar Niazi]

سکتا ہے کہ اس ملک کی اساس ہی اسلامی نظریہ حیات پر ہے شاید پوری دنیا میں دو ہی ریاستیں ایسی ہیں جو نظریاتی بنیادوں پر معرض وجود میں آئی ہیں ۔ ان میں ایک ملک اسرائیل ہے کسی ملک کا پسند ہونا یا نا پسند ہونا اور بات ہے ۔ اس بات سے قطع نظر نہیں ہے مگر یہ بھی مذہب اور نسل کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا ہے ۔ اس سے بحث نہیں ہے کہ وہ ناجائز طور پر مسلمانوں کی سرزمین پر قابض ہے ۔ مگر اس کی قوم کے افراد نے بہرحال ایک واضح نظریہ سامنے رکھ کر یہ ملک بنایا ہے اور وہ کسی نہ کسی حد تک اپنے اس نظریے پر قائم ہیں ۔ نتیجہ یہ ہے کہ آج وہ ملک ایک مضبوط ریاست کی صورت میں ابھر کر سامنے آیا ہے ۔ دوسرا ملک جو نظریاتی بنیاد پر معرض وجود میں آیا ہے اور پوری دنیا میں اس کی مثال نہیں ملتی ہے وہ خود پاکستان ہے جو اسلامی نظریہ حیات کے نفاذ کے لیے اور ان کی ترویج کے لیے قائم کیا گیا تھا مگر یہ ہماری بد قسمتی ہے کہ ہر حکومت اور سارے زمانہ نے اسلامی نظریہ حیات کے ساتھ مذاق روا رکھا ، اس کو ایکسپلائیٹیشن کا ذریعہ بنایا ، اسے صرف ووٹوں کی بھیک مانگنے کے لیے استعمال کیا اور اسے اسی انداز سے اختیار کیا گیا کہ جب ضرورت ہوئی تو سامنے لے آئے اور جب ضرورت نہ ہوئی تو پھر اسے پس پشت ڈال دیا ۔ نتیجہ یہ ہے کہ آج ہم اس حالت میں ہیں اور جس حالت کو آج اپنی آنکھوں سے آپ اور میں دیکھ رہے ہیں اس لیے یہ ضروری ہے کہ ہم اپنے مقصد وجود کو جس کے لیے پاکستان بنایا گیا تھا ، مضبوطی سے پکڑیں ۔ خلوص کے ساتھ اور کامل یکسوئی کے ساتھ ہم اس کے نفاذ کے لیے عملی کوششیں کریں ۔ یہ بل اس سمت میں ایک واضح اقدام ہے ۔ جہاں اس حکومت نے اور بہت سے اقدام کئے ہیں اور جن سے منزل کی نشاندہی ہوتی ہے اور سمت سفر کا تعین ہوتا ہے ۔ اس ضمن میں یہ بل بھی ایک اہم سنگ میل ثابت ہو گا ۔ آخر میں میں اراکین سینیٹ کی ابلاغ کے لیے یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حکومت نے اسلامی مشاورتی کونسل کی تشکیل جدید کا مرحلہ قریب قریب طے کر لیا ہے اور چند دنوں میں اسلامی نظریاتی کونسل بنائی جا رہی ہے ۔ ہم نے اپوزیشن کے مذہبی رہنماؤں کو بھی دعوت دی ہے کہ وہ اس میں شریک ہوں اور باقاعدہ تحریری دعوت نامے ان کو بھیجے جا چکے ہیں لیکن اگر انہوں نے یہ دعوت قبول نہ بھی کی تب بھی یہ سفر اس انتظار

میں نہ رک سکے گا کہ کوئی ہمارا ہم سفر نہیں بنا کیونکہ یہ کام تو بہر حال ہونا ہے اور یہ کام ہمیں کرنا ہے ۔ اس میں سالہا سال جو تاخیر روا رکھی گئی ہے تو اب یہ تاخیر روا رکھنے کی کوئی وجہ جواز نہیں ہے کیونکہ یہ عوامی امنگوں کا تقاضا ہے ، یہ اس ملک کے وجود کا تقاضا ہے اس لیے میں سینیٹ کے معزز اراکین سے گزارش کروں گا کہ وہ اس بل کو کامل یکسوئی کے ساتھ اور خوش آمدید کہتے ہوئے منظور فرمائیں تاکہ اسے قانونی شکل دی جا سکے ۔

**جناب چیئرمین :** شکریہ ! یس مسٹر فیروز الدین انصاری ۔

**جناب فیروز الدین انصاری :** جناب چیئرمین ! آنریبل وزیر مذہبی امور جناب مولانا کوثر نیازی صاحب نے جو بل پیش کیا ہے میں اس کی پر زور تائید کرتا ہوں اور مجھے آج سے ۳۵ ، ۳۶ سال پہلے کا وہ واقعہ یاد آ رہا ہے جب پاکستان کا قیام ہو رہا تھا ، پاکستان کا مطالبہ ہو رہا تھا تو مسلمانان ہند کا یہ نعرہ تھا بلکہ قائد اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے یہ فرمایا تھا کہ ہم پاکستان اس لیے بنا رہے ہیں کہ ہم اس کو اسلامی ریاست بنائیں گے اور ان کے وہ الفاظ جو انہوں نے کئی مرتبہ فرمائے تھے وہ یہ تھے کہ ہم پاکستان اس لئے چاہتے ہیں ۔

because our religion is separate, our civilization is separate, our culture is separate, our calendar is separate, we want separate state wherein we can live according to teachings and preachings of Holy Quran.

**(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی چیئرمین کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)**

**جناب فیروز الدین انصاری :** یہ مقصد تھا پاکستان کے بنانے کا ۔ الحمد للہ میں خوش ہوں اور حکومت کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور قائد عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور وزیر صاحب کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے یہ بل پیش کر کے اسلام کی خدمت کی ہے اور قائد اعظم کا وہ خواب جو انہوں نے قوم کو دکھایا تھا کہ یہ ایک اسلامی ریاست ہو گی الحمد للہ آج وہ خواب پورا ہو رہا ہے ۔ آج میں نے اخبارات میں پڑھا کہ وزیر موصوف حضرت مولانا کوثر نیازی صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ نظام شریعت کی ابتداء ہے لیکن میں کہتا ہوں کہ یہ ابتداء نہیں ہے بلکہ ابتداء تو اس وقت سے ہو چکی تھی جب حکومت نے اسلامی سربراہی

[Mr. Feroze-ud-Din Ansari]

کانفرنس لاہور میں منعقد کی تھی اور پاکستان میں نظام مصطفیٰ کی ابتداء تو اس دن سے ہو چکی تھی جب قادیانی مسئلہ کو ختم کیا گیا تھا اور قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا گیا تھا ۔ حضور والا ! میں گویا خوشی محسوس کر رہا ہوں کہ اسمبلی میں آج نظام مصطفیٰ کے مطابق بل پیش کیا جا رہا ہے اور ہم جیسے گنہگار جو سینیٹر ہیں یا قومی اسمبلی کے ممبر ہیں ہماری موجودگی میں یہ بل پیش ہوا ہے ۔ تو ہماری خواہش ہے کہ جس قدر جلد ممکن ہو سکے یہ نظام مصطفیٰ اس ملک میں رائج کر دیا جائے ۔ جہاں مجھے یہ خوشی ہو رہی ہے وہاں مجھے یہ افسوس بھی ہے کہ اپوزیشن کے لیڈر جو یہ نعرہ لگاتے ہیں اور جو کہتے ہیں کہ اس ملک میں اسلام آنا چاہیے ، وہ اس ہاؤس میں موجود نہیں ہیں حالانکہ چاہیے تو یہ تھا کہ جب نظام مصطفیٰ لایا جا رہا ہے اور ایک بل پیش کیا جا رہا ہے جیسا کہ قائد عوام جناب ذوالفقار علی بھٹو نے یہ فرمایا ہے کہ آؤ چھ مہینے میں نہیں چھ ہفتے میں تیار کرو ۔ چھ دن میں اسمبلی میں پیش کر دو میں اسمبلی میں پاس کرا دوں گا ، سینیٹ میں پاس کرا دوں گا لیکن میں سمجھتا ہوں کہ حزب مخالف والے اسلام کے ساتھ اتنے مخلص نہیں ہیں جتنے اسلام آباد کے ساتھ مخلص ہیں اور یہی وجہ ہے کہ وہ آج سینیٹ میں موجود نہیں ہیں اور نہ وہ کل اسمبلی میں موجود تھے ۔ جناب چیئرمین ! میں خوشی محسوس کر رہا ہوں اور اس بل کی حمایت کرتا ہوں اور اس میں ایک رباعی پر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں جو حکیم الامت علامہ اقبال نے ان نام نہاد علماء کے متعلق فرمائی تھی ۔ علماء حق کے لیے نہیں کیونکہ علماء حق کے بغیر تو ملک نہیں چل سکتا ، پاکستان نہیں چل سکتا اور بیشمار علماء حق موجود ہیں ، لیکن علماء سوء کے متعلق فرمایا ہے ۔

زبیاً بہر صوفی و ملا سلاماً پیغام خدا گفتند مارا
ولے طویل شان در حیرت اندر آن خدا و جبرائیل و مصطفیٰ را

مجھے افسوس ہے کہ آج وہ اسلام کے ٹھیکیدار جو اسلام کے دعویٰ دار ہیں ، میں ان کا نام نہیں لینا چاہتا کیونکہ وہ آج اپوزیشن میں ہیں اور نعرہ یہ لگا رہے ہیں کہ ہم اسلام لائیں گے ، اسلامی نظام کو نافذ کریں گے لیکن آج جب اسلام کی بات ہو رہی ہے تو وہ اس ہاؤس میں موجود نہیں ہیں اور کل بھی اسمبلی میں موجود نہیں تھے ۔

میں آنریبل وزیر موصوف کو اس بل کے پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ اور اس بل کی پر زور تائید کرتا ہوں ۔

**Mr. Deputy Chairman :** Yes, Mr. Khalid Sahib.

**جناب محمد خالد خان :** جناب چیئرمین ! آج اس معزز ایوان کے سامنے ایک جامع بل ، شراب کی تیاری ، فروخت اور استعمال پر پابندی لگانے کے لیے جو اس معزز ایوان کے سامنے پیش ہے جناب والا یہ موجودہ حکومت خصوصاً پیپلز پارٹی اور قائد عوام جناب ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی جیت ہے اور ان کی عظمت اور خلوص نیت کا مظہر ہے کہ انہوں نے واضح طور پر صاف انداز میں جامع بل اس معزز ایوان کے سامنے پیش کیا ہے ۔ اس سے پیشتر یہ بل نیشنل اسمبلی منظور کر چکی ہے ۔ جناب والا ! اس سے پیشتر بھی یہ قانون صوبہ سرحد میں لاگو رہا ہے اس میں جس طرح ہمارے وزیر صاحب نے کہا ہے کہ وہاں تو ایکسیپشن اور ایگزیمپشن تھی اور بعض حکومتوں کو یہ اختیار حاصل تھا کہ بعض علاقوں ، بعض اداروں اور یہاں تک کہ بعض طبقوں کو اس سے مستثنیٰ قرار دے لیکن یہاں استثنیٰ والی کوئی بات نہیں ہے ۔ یہ قانون سب پر لاگو ہوگا ۔ یہ قانون وزراء صاحبان پر بھی لاگو ہوگا اور یہ کسی کے اختیار میں نہیں ہوگا کہ وہ پرمٹ جاری کرے ۔ اس کے علاوہ جناب چیئرمین ! یہ قانون پہلے قانون سے اس لحاظ سے بھی افضل ہے کہ اس میں کوئی استثناء نہیں ہے ۔ دوسرے اس میں پہلے قانون کی نسبت بدرجہا زیادہ سزا رکھی گئی ہے اس قانون کی نسبت جو کہ صوبہ سرحد میں لاگو رہا ہے ۔ پہلے چھ مہینے قید کی سزا تھی اور جرمانہ ایک ہزار تک تھا ۔ اس بل کے ذریعے یہاں قید کی سزا دو سال رکھی گئی ہے اور جرمانہ دس ہزار روپیہ ہے ۔ جناب والا ! یہ ایک جامع بل ہے ۔ جناب والا ! مجھے افسوس ہے کہ علما سوء اسلام اور برہمنیت میں کوئی تمیز نہ کر سکے ۔ اسلام میں اجارہ داری کی کوئی گنجائش نہیں ہے ۔ اسلام میں برہمنیت کی کوئی گنجائش نہیں ہے ۔ اسلام کی مقدس کتابیں ہر مسلمان کے لیے کھلی ہوئی ہیں جب کہ برہمنیت کی مقدس کتاب کے قریب بھی نہیں جا سکتے ۔

جناب والا ! یہاں علماء سوء نے اسلام میں اجارہ داری کا تصور قائم کر رکھا ہے اسلام کو برہمنیت سے تعبیر کیا ہے جب کہ اسلام ہمیشہ سے عوام کے لیے

[Mr. Mohammad Khalid Khan]

بہترین نظام کا داعی رہا ہے ۔ جناب والا ! یہ بڑی خوش آئند بات ہے کہ ہماری حکومت ایک خوش آئند پروگرام لے آئی ہے اور واضح طور پر عملاً اسلام کے نفاذ کے لیے میدان میں نکل آئی ہے ۔ اس سے پیشتر میرے معزز ساتھیوں نے کہا کہ نظام مصطفیٰ صلعم کی جد و جہد بہت پہلے شروع ہو چکی تھی جب یہاں اسلامک سمٹ کانفرنس کا انعقاد ہوا ۔ جب یہاں قادیانیوں کے اسی سالہ پرانے فتنے کو ختم کیا گیا ۔ یہ فتنہ فساد اسی سال سے چلا آ رہا تھا اور کوئی اسے ختم نہ کر سکا ۔ یہ ہمارے قائد عوام ہی ہیں جنہوں نے اس فتنہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا ۔ اور ان کو غیر مسلم قرار دے دیا نظام مصطفیٰ لانے کے لیے ہماری جد و جہد اس وقت سے شروع ہے ۔ پھر وہ یہ کیسے کہتے ہیں کہ پیپلز پارٹی کو نظام مصطفیٰ لانے کا کوئی حق نہیں ۔ میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اسلام کسی کی اجارہ داری نہیں ہے ۔ اسلام میں برہمنیت نہیں ہے ۔ یہاں ہر وہ شخص جو اسلام کی بہتر خدمت کرتا ہے وہ امام ہے اور اس امام کے پیچھے ہم سب کو جانا ہو گا ۔ آج جناب ذوالفقار علی بھٹو ایک مجاہد کی حیثیت سے آگے آ گئے ہیں ۔ جناب والا ! آپ جانتے ہیں کہ مذاکرات کے لیے جو بتیس نکات اپوزیشن والوں نے پیش کیے تھے ان میں سے ایک بھی نکتہ نظام مصطفیٰ کے بارے میں نہیں تھا ۔ سوائے کرسی اور اقتدار کے انہیں کسی اور چیز سے غرض نہیں ہے ۔ وہ بازی ہار گئے ہیں ۔

جناب والا ! میں اس بل کی پر زور تائید کرتا ہوں ۔ ساتھ یہ بھی درخواست کروں گا کہ عوام پر جو ظلم و تشدد ہو رہا ہے اس کا سدباب کیا جائے عوام اور ان کے جذبات کے ساتھ جو کھیل کھیلا جا رہا ہے اسے روکا جائے ۔ علماء سوء جو کھیل عوام کے معصوم جذبات کے ساتھ کھیل رہے ہیں اس کا بھی سدباب ہونا چاہیئے کیونکہ یہ عوام کو گمراہ کر رہے ہیں اور اسلام کے مقدس نام سے یہ ناجائز فائدہ اٹھا رہے ہیں ۔ اسلام کے مقدس نام کو یہ عوام کے خلاف سازش کے طور پر استعمال کر رہے ہیں ۔ ان کے شعور کو کند کرنے کے لیے استعمال کر رہے ہیں ۔ جناب والا ! یہ کھیل اب ختم کرنا چاہیئے ۔ یہ ہمارے غریب عوام کی بہت بڑی جیت ہے کہ نظام مصطفیٰ آج پاکستان پیپلز پارٹی کے قائد رائج کر رہے ہیں ۔ صرف زبانی جمع خرچ کی بات نہیں ہے ۔ نظام مصطفیٰ کو اب عملی جامہ پہنایا جا

رہا ہے - آپ نے دیکھا کہ قادیانی مسئلہ کو حل کیا - اسلامک سمٹ کانفرنس ہوئی اسی طرح حج کے موقع پر اتنی لبرل پالیسی اختیار کی گئی کہ جو آدمی بھی حج کرنا چاہتا ہے وہ بآسانی حج کر سکتا ہے اور اسے تمام سہولتیں دی جا رہی ہیں - اسی طرح جمعہ کے دن تعطیل کی گئی - یاسرعرفات بھی اس ملک میں آئے اور تمام دنیائے عرب اس طرف آ رہی ہے اور یہ بات ہمارے لیے قابل فخر ہے - آج اس اسلامی نظام کا اعادہ ہو رہا ہے جس کا ذکر علامہ اقبال نے کیا ہے ، جس کی روح کو وہ سمجھتے ہیں ، جس کی روح کو حضرت شاہ ولی اللہ سمجھتے ہیں ، اس بل کے نفاذ سے حضرت شاہ ولی اللہ کی روح خوش ہو گی کہ ایک بہتر مرد مجاہد نکل آیا ہے - ایک ایسے اسلامی نظام کے لیے عملی جد و جہد کا آغاز ہو رہا ہے جس میں استحصال نہیں ہو گا ، جس میں بھوک نہیں ہو گی ، جس میں بیماری نہیں ہو گی ، بے اطمینانی نہیں ہو گی اور بیروز گاری نہیں ہو گی- ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی تائید کرتا ہوں - شکریہ -

جناب ڈپٹی چیئرمین : مسٹر نعمت اللہ -

حاجی نعمت اللہ خان : جناب چیئرمین ! میں مولانا کوثر نیازی اور قائد عوام کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے اس قانون کو بل کی شکل میں لاکر شریعت کے نفاذ کے لیے ایک احسن قدم اٹھایا ہے - جناب والا ! شریعت کے نفاذ کے متعلق اسلامک آرڈر کی شق کانسٹیٹیوشن میں پہلے ہی سے موجود ہے جس میں لکھا گیا ہے کہ سات سال کے اندر تمام شرعی قوانین اس ملک میں نافذ کئے جائیں گے - یہ ملک قائد اعظم محمد علی جناح کی کوششوں سے اس لیے معرض وجود میں آیا تھا کہ مسلمان اپنی زندگی اسلامی طرز و معاشرت کے مطابق بسر کر سکیں - اس سے پہلے جو حکومتیں گزری ہیں انہوں نے اس طرف کوئی توجہ نہیں دی تھی اور یہی وجہ ہے کہ یہ فخر قائد عوام اور مولانا کوثر نیازی کو حاصل ہوا ان کے دور وزارت میں یہ پہلا قدم نہیں ہے ، اس سے پیشتر بھی ایسے اقدامات ہوتے رہے ہیں - ان میں سے ایک حج پالیسی ہے جس پر کروڑوں روپے کا زر مبادلہ خرچ کرنا پڑتا ہے - پہلی حکومتوں کے دور میں آٹھ دس سال تک کسی کو موقع نہیں ملتا تھا کہ وہ حج کر سکے اور آج خدا کے فضل و کرم سے ہر ایک آدمی جو حج کرنا چاہتا ہے وہ حج کر سکتا ہے - اس سے پہلے اسلامک سمٹ کانفرنس کا انعقاد ہوا اور سیرت

[Haji Nematullah Khan]

کانگریس منعقد ہوئی ۔ اس کا شرف بھی موجودہ حکومت کو حاصل ہوا ۔ موجودہ بل اس بل سے جامع ہے جو کہ مفتی محمود کی حکومت کے زمانے میں صوبہ سرحد میں پاس ہوا تھا ۔ اس میں کوئی استثناء نہیں ہے ۔ اس کے علاوہ قائد عوام نے حزب مخالف کو نفاذ شریعت کے لیے دعوت دی ہے کہ وہ اسلامی کونسل میں شریک ہو کر نفاذ شریعت کے لیے کوئی عملی تجاویز پیش کریں ۔ پہلے وہ نفاذ شریعت کی رٹ لگاتے رہتے تھے اور آج ان کے بتیس نکات میں ایک نکتہ بھی نفاذ شریعت کا نہیں ہے ۔ ان کو اس کا شرف حاصل نہ ہو سکا ۔ اسلامی نظام پر کسی ایک فرد کی اجارہ داری نہیں ہے جو نفاذ شریعت کرتا ہے وہ اس کی طرف اقدام کرتا ہے ۔ میرا تو یہ بالکل یقین ہے اگر موجودہ حکومت ہمارے قائد عوام کے توسط سے نفاذ شریعت کرتی ہے اور بھی اسی طرح سے اقدام کرتی ہے تو میرے خیال میں کوئی طاقت بھی ان کو اس مقصد سے نہیں ہٹا سکتی ۔ اور جب حکومت جمہوریت اور نفاذ شریعت کے سلسلے میں اقدامات کر رہی ہے اور جب قرآن ہمارا آئین ہے تو اس سے زیادہ اور کونسی جمہوریت ہو سکتی ہے ۔ جمہوریت کے بارے میں اقبال کا ایک شعر ہے ، اس قسم کی جمہوریت متحدہ محاذ مانگتا ہے جیسا کہ اقبال نے اس شعر میں کہا ہے اور شعر یہ ہے ۔

گریز از طرز جمہوری غلامے پختہ کارے شو
کہ از مغز دو صد خر فکر انسانی نمی آید

تو میں وزیر موصوف کو دوبارہ اس بل کے لانے کی مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان سے درخواست کروں گا کہ وہ یہ کوشش کریں کہ جو آدمی ان جرائم کا مرتکب ہو اس کے خلاف کاروائی بھی کی جائے تاکہ یہ چیز صرف کاغذ ھی پر نہ رہے بلکہ اس پر صحیح عمل درآمد بھی ہو ۔ اس کے علاوہ وزیر موصوف نے یہ بھی فرمایا ہے باہر سے بھی علماء منگوائے جائیں گے ۔ جو علماء پاکستان میں موجود ہیں جیسا کہ مولانا احتشام الحق ہیں اور بھی بہت سارے علماء ہیں ان کو اسلامی نظریاتی کونسل میں داخل کر کے نفاذ شریعت کی طرف جتنی بھی جلدی ہو سکے اقدام شروع کریں گے ۔ جو علماء متحدہ محاذ میں ہیں ان کے لیے بھی اسلامی نظریاتی کونسل کا دروازہ کھلا رہے گا کیونکہ یہ اسلامی کام ہے ۔ جس وقت بھی وہ آنا چاہیں آ کر

اس اسلامی کام میں موجودہ حکومت سے تعاون کریں - میں آخر میں پھر قائد عوام اور مولانا کوثر نیازی صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے یہ بل اس ایوان کے سامنے پیش کر کے مسلمانان پاکستان کا ایک دیرینہ خواب پورا کر دیا ہے - میں اس کی تائید کرتا ہوں اور آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** شکریہ - مولوی عبدالحکیم صاحب !

**مولانا عبدالحکیم :** جناب چیئرمین صاحب ! آج کے اجلاس کے افتتاح کے موقع پر قاری صاحب نے جو آیت کریمہ تلاوت فرمائی تھی یہ حسن اتفاق ہے کہ زیر بحث بل اس آیت کریمہ کے تقاضے اور اس حکم کو تعمیل میں لانے کے لئے پیش کیا جا رہا ہے -

جناب والا ! اسلام افراد اور شخصیات کا محتاج نہیں ہے - اسلام ، جمہوریت حزب اقتدار یا حزب اختلاف کی حمایت یا مخالفت کا محتاج نہیں ہے - جہاں تک اسلام کا تعلق ہے اسلام خداوند قدوس کے حکم کا نام ہے اور اس کی تعبیر اور تشریح حضرت محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کی ہے - ۲۳ سال میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھیوں نے ان تعلیمات پر عمل کرکے اور ٹریننگ دے کر اور اس کو واقعات کا اور تاریخ کا جز بنا کر چھوڑ کر چلے گئے ہیں - اسلام کی بنیاد اسلام کا محور اور اسلام کی کسوٹی وہ چیز ہے جس کو ہم اپنے محاورے میں قرآن کریم اور سنت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یا اسوہ حسنہ تک کہہ سکتے ہیں - اس کے بعد کسی عالم ، کسی شاعر ، کسی مصنف ، کسی مقرر ، کسی فلسفی ، کسی اسمبلی ، کسی بادشاہ کا فیصلہ ، یہ سب تابع ہوں گے قرآن کریم اور حدیث رسول کریم کے ، اگر وہ اس سے موافقت کرتا ہے تو وہ اسلام ہے اور اگر وہ اس سے موافقت نہیں کرتا تو چاہے دنیا کے چار ارب انسان بھی ایک بات پر فیصلہ کر لیں اور وہ قرآن پاک کے حکم کے مقابلے میں آ جائیں تو تب بھی وہ اسلام نہیں بنتا - لہذا یہ جو کہا جاتا ہے کہ دین اسلام کسی کی ٹھیکیداری نہیں ، یہ بات بالکل صحیح ہے - رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی شخص بھی اپنے آپ کو یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں اسلام کا ٹھیکیدار ہوں یا میں اسلام کا نمونہ ہوں - عربی میں محور کہتے ہیں اور انگریزی میں

**[Maulana Abdul Hakim]**

غالباً کسوٹی کہتے ہیں۔ وہ صرف رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات، رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے، رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل ہیں۔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں سات لاکھ انسانوں نے ۲۳ سال میں ٹریننگ حاصل کر لی اور خدا کی طرف سے انہیں سرٹیفکیٹ مل گیا کہ رضی اللہ عنہم یعنی خدا ان سے راضی ہو گیا۔ و رضو عنہ۔ اس کے بعد ہر آدمی اسلام کا محتاج ہے، اسلام کسی شخص کا محتاج نہیں۔ تو ہمیں خدا کا شکر ادا کرنا ہے کہ جو ملک ان اسلامی نظریات کی خاطر بنا تھا، اٹھائیس سال کے بعد ان کے لیے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! آپ جانتے ہیں کہ بر صغیر کے اقلیتی صوبوں کے مسلمان یہ چاہتے تھے کہ تقسیم ملک کے بعد ہم یہیں رہیں گے ہمارے باپ دادا، ہماری جائیدادیں اور قبریں اور آثار قدیمہ سب چیزیں یہیں رہیں گی۔ اقلیتی صوبوں کے مسلمان خواتین اور مردوں نے اس وقت جو پاکستان کے حق میں نعرہ لگایا اور سڑکوں پر آئے تھے وہ اس نظریے کے لیے آئے تھے۔ ان کی نظر میں پاکستان کے شہروں کی الاٹمنٹیں اور ان کے یہ مکانات، باغات اور زمینیں نہیں تھیں۔ انہوں نے دیکھی بھی نہیں تھیں۔ ہم خود اس وقت دہلی میں موجود تھے۔ ایک ہی نظریہ تھا کہ چلو اس روئے زمین پر جہاں ایک ایسی مملکت ہوگی جس میں مغرب اور مشرق کے الحاد اور صیہونیت کی آمیزش سے بالکل پاک اور صاف اور رسول کریم کے سکھائے ہوئے اور بتائے ہوئے دین کا عملی طور پر حکومت کی طرف سے نفاذ ہوگا اور تعزیرات اسلامیہ کا نفاذ ہو گا۔ جناب چیئرمین اٹھائیس سال اس شش و پنج، نکتہ چینیوں اور اعتراضات میں گزر گئے۔ کبھی لوگ متفق نہیں ہوتے، کبھی یہ نہیں ہوتا اور کبھی وہ نہیں ہوتا۔ بعض لوگ فقہی مسائل پر متفق نہیں ہوتے۔ فقہی مسائل میں اگر کوئی شخص متفق نہ بھی ہو تو بھی قرآن پاک اور حدیث پاک اور تعزیرات اور اس کے جو اصول ہیں اس میں تو سارے متفق ہیں۔ ان کو نافذ کر دیا جائے۔ فقہی اختلافات کو چھوڑ دیا جائے تو تب بھی کوئی حرج نہیں تھا۔ بہر حال خداوند قدوس کی طرف سے مقرر ایسا ہوتا ہے کہ خدا تعالی کوئی خدمت کسی زمانے میں کسی سے لیا کرتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں خدا تعالی کا شکر ادا کرنا ہے

کہ خدا نے ہمیں یہ توفیق بخشی کہ ہم لوگ بھی اس بل پر بولے اور اس میں حصہ لیا ۔ قرآن پاک کی آیت کریمہ کہ ''فجتنبو'' ان چیزوں سے رک جاؤ جو آج قاری صاحب نے پڑھی تھی ۔ اس پر عمل کرانے کے لیے ملک کے اندر قانون کے کے ذریعے سے اس کی تعزیرات کو نافذ کرانے کے لیے فلاں سن میں فلاں پارٹی یعنی پیپلز پارٹی کے ذریعے سے یہ کام عملی شکل اختیار کر گیا ۔ یہ بات ہماری اس پارٹی کے ذریعے سے تاریخ کے اوراق کا حصہ بن رہا ہے ۔ اس بڑی یادگار اور اس سے بڑا موقع خدا تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کا اور کوئی نہیں ہوسکتا ۔

جناب چیئرمین : جہاں تک اس بل کے تقاضوں کا تعلق ہے یہ ہماری تمناؤں آرزوؤں اور ہماری خواہشات اور تعلیمات بلکہ ایک مسلمان کی ذمہ داریوں کے لحاظ سے عین حقیقت ہیں ۔ ان کو ہونا چاہیے تھا ۔ بلکہ پہلے دن سے یہ ہونا چاہیے تھا ۔ یہ کام اگر ۱۹۴۷ء کے ۱۵ اگست کو نہیں ہوا تھا تو اس کا اعلان ۲۰ اگست کو گزٹ کے ذریعے سے ہونا چاہئے تھا ۔ جناب والا ! اگر یہ کام ۴۷-۴۸-۴۹-۱۹۵۰ء میں ہوگیا ہوتا تو میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ جو اتفاق اور اتحاد اس وقت کے مہاجر لے کر آئے تھے اور اس وقت انصار نے جس محبت کا اظہار کیا تھا کیوں کہ اس وقت زبان کی تفریق ، صوبے کی تفریق اور جغرافیائی تفریق نہیں تھی ، تو یہ روز بد ہمیں دیکھنا نہ پڑتا ۔ اگر اس ام‌الخبائث پر پابندی ہوتی تو ان ۲۸ سالوں میں یہ چیزیں پیدا نہ ہوتیں ۔ اب اس کی وجہ سے کروڑوں عوام ہم سے علیحدہ ہوگئے ہیں بلکہ جدا ہوگئے ہیں ۔ اس ملک کے دشمن اس قوم کے دشمن ہم پر مزید وار کرنے کی ابلیسی سازشیں کر رہے ہیں ۔ چچا سام اس سازشوں کے لئے پھونک مار مار کر مصالحہ فراہم کر رہے ہیں ۔ ہمارے نبی نے فرمایا ہے کہ شراب جو ہے یہ تمام خباثتوں کی ماں ہے ، جڑ ہے باقی جتنے فتنے ہیں اس سے پیدا ہوتے ہیں ۔ غنڈہ گردی اس کی وجہ سے ہوتی ہے ۔ چوری اس کی وجہ سے ہوتی ہے ۔ جب ان لوگوں کے پاس پیسے نہیں ہوتے تو وہ چوری کرتے ہیں ۔ جب وہ نشے کی حالت میں ہوتے ہیں تو قتل کرتے ہیں ۔ ان کو اپنی ماؤں بہنوں کی آبروریزی تک کی تمیز نہیں ہوتی ۔ بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ جانوروں سے بدترین انسانیت سے ننگ و عار بن کر اس کو پینے والے وہ حرکتیں کرتے ہیں کہ جس سے انسانیت شرما جاتی ہے یہ ہمارے پیغمبر صلعم کا ارشاد ہے کہ یہ خباثتوں کی ماں ہے جو کچھ

[Maulana Abdul Hakeem]

ملک میں ہو رہا ہے اس کی وجہ سے ہو رہا ہے - یہ ایک اچھی بات ہے کہ اس کو روکنے کے لیے، اس کو بند کرنے کے لیے تعزیرات بنائی جا رہی ہیں - لیکن میں اس کے ساتھ یہ بھی عرض کروں گا کہ ہماری پارٹی، ہماری حکومت اور ہمارے محترم وزیر مذہبی امور یہ انتظار نہ کریں کہ فلاں فلاں آئے گا تو تب جا کر اسلامی قوانین مرتب ہوں گے اور نافذ ہوں گے - کیونکہ ہم نے کہا ہے کہ اسلام پر کسی کی ٹھیکیداری نہیں ہے، اسلام رسول اللہ کا ہے مودودی صاحب کا نہیں ہے - اسلام کسی مولوی صاحب کا نہیں ہے - وہ خود اسلام کو پڑھ کر اس اسلام کے نام پر روٹیاں کھا رہے ہیں - اسلام رسول اللہ کا ہے اور ہم رسول اللہ کے امتی ہیں - رسول اللہ کا کلمہ پڑھتے ہیں - ہم رسول اللہ کے اسلام کو نافذ کرکے سعادت حاصل کر رہے ہیں - کوئی اپنی سعادت کے لئے تعاون کرتا ہے تو ٹھیک ہے، شرکت کرتا ہے تو ٹھیک ہے بہت اچھی بات ہے اگر کوئی شرکت سے انکار کرتا ہے تو وہ تاریخ میں اپنے لئے مواد چھوڑ جائے گا کہ دعوے تو کرتے رہے اسلام کا، مگر جب وقت آیا تو تعاون بھی نہیں کیا، اسلامی قوانین بنانے میں حصہ بھی نہیں لیا - یہ اس وقت کا تقاضا ہے کہ عربی کی کتابوں کے مطابق اسلامی قوانین بنائیں - میں نے وزیر محترم صاحب کی خدمت میں پہلے عرض کیا ہے کہ یہ کتابیں لیبیا سے، جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ سے، جامعہ اظہر، مصر سے منگوائیں اور وہاں کے چوٹی کے علماء کو جو قرآن اور حدیث پر عبور رکھتے ہیں، ان کے ساتھ بیٹھ کر اسلامی تعزیرات مرتب کریں - دیوانی اور فوجداری سزاؤں کو اسلامی قوانین کے مطابق ڈھالیں اور ان لوگوں کو چھوڑ دیا جائے جیسے وہ کہتے ہیں کہ ہم بھٹو کے ہاتھوں کا بنایا ہوا اسلام نہیں چاہتے - تو ہم بھی انسان ہیں، ہم بھی مروت رکھتے ہیں ہم بھی کہہ سکتے ہیں کہ ان کے اچھرہ کا اسلام ہمیں نہیں چاہیے، ہمیں، رسول اللہ کا اسلام چاہیے - جناب والا! میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ نیازی صاحب - آپ کی وساطت سے لفظ نشہ آور شراب کی وضاحت فرمائیں - کیونکہ کل کو یہ لوگ اس بات کی آڑ لے کر پروپیگنڈہ کریں گے انہوں نے تو مخالفت برائے مخالفت کی قسم کھائی ہوئی ہے شراب تو قرآن نے ویسے بھی بند کی ہے اگر آپ لفظ نشہ آور کو حذف کر دیں تو زیادہ بہتر ہو گا - میں نے ان کی اس نکتہ کی طرف توجہ دلائی ہے - آپ وضاحت کر دیں تو اچھا ہے -

(اس مرحلے پر جناب چیئرمین کرسی صدارت پر رونق افروز ہوئے)

مولانا عبدالحکیم : اس کے علاوہ ایک جگہ لفظ سفارتی ایجنٹ آیا ہے - وہاں غیر مسلم کا اضافہ کر دیا جائے تو زیادہ بہتر رہے گا - ایجنٹ کو شراب پینے کی اجازت کی شق ہے اور سفارتی ایجنٹ اگر مسلمان ملک کا ہو تو اس کو تو پھر قرآن پاک اور حدیث پاک کے خلاف کام کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہئے - جب ہم اپنے ملک میں کسی کو شراب پینے کی اجازت نہیں دیتے تو ہماری سر زمین پر مسلمان ملک کا سفارتی ایجنٹ شراب پیئے تو یہ اچھی بات نہیں ہے - تیسری بات اس میں پبلک مقام کی قید ہے اس کی وجہ سے ایک چور دروازہ کھلا رہے گا - لوگ جرم کرنے کے مختلف بہانے ڈھونڈ لیں گے اور مختلف طریقے ایجاد کریں گے لیکن جرم جرم ہی ہوتا ہے چاہے وہ پبلک مقام پر کیا جائے یا پرائیویٹ مقام پر کیا جائے - اسلامی تاریخ اور اسلامی تعلیمات اس بات کی گواہ ہیں -

اس کے علاوہ میں نیازی صاحب کی توجہ ''دوائی'' کے لفظ کی طرف دلانا چاہتا ہوں - جناب چیئرمین ! میں عرض کرتا ہوں کہ آپ جانتے ہیں کہ ہمارے ملک کے ۲۸ سال کے مریض ۱۰ ، ۲۰ روپے رشوت دے کر سرٹیفکیٹ حاصل کرنا شروع کر دیں گے - جس قانون کے نفاذ کے لئے آج یہ بل لایا جا رہا ہے اس کے متعلق حضور نے ارشاد فرمایا ہے کہ

''حرام چیز میں خدا نے کوئی دوائی نہیں رکھی''

یہ حدیث پاک ہے اور رسول اللہ کا ارشاد گرامی ہے - اسی طریقے پر ہم نے جو سزائیں تجویز کی ہیں یہ ٹھیک ہیں لیکن ہماری وزارت اور ہماری حکومت ان سزاؤں کو شرعی سزاؤں میں تبدیل کرے جو شرعی سزائیں رسول اللہ نے ۲۳ سالہ کے عرصہ میں اور خلفائے راشدین نے رکھی ہوئی تھی - اگر یہ شرعی سزائیں رکھی جائیں تو اس سے ہر ایک فرد کی تعزیر ہو سکے گی اور دوسرا یہ کہ معاشرہ ذرا جلدی قابو میں آ جائے گا جیسا کہ سعودی عرب کے اندر ہوا ہے اور صدر قذافی نے برسراقتدار آنے کے بعد لیبیا کیا ہے - میں انہی دو تین چیزوں کی طرف محترم نیازی صاحب کی توجہ دلانا چاہتا تھا کہ وہ ان کی تشریح فرمائیں - اس بل میں کوئی جھگڑا نہیں ہے - یہ قرآن پاک کے حکم کی تعمیل کے لیے ہے اور اس پر عمل کرنے کے لیے اپنے

[Maulana Abdul Hakim]

آپ کو اور سارے ملک کے مسلمانوں کو تیار کرنے کے لیے ایسے قانونی راستے وضع کئے جائیں - اس لیے یہ نہایت ہی ضروری تھا اور یہ نہایت ہی موزوں ہے -

جناب والا ! میں پھر عرض کرتا ہوں کہ اسلام ان لوگوں کی جائیداد نہیں ہے اور نہ ان کے نام الاٹ ہے - ان کا اسلام کسی دن ''ھل'' میں چلا جاتا ہے ان کے بعض دوست ہل والے کھڑے ہوئے تھے الیکشن میں - جناب من ! یہ نشانات انہوں نے لگائے ہوئے تھے - ان میں سے کچھ کے نشان چھپے تھے جب وہ ہار گئے تو پھر یہ کہنے لگے کہ اسلام ''بس'' میں گھس گیا ہے - بس کو ووٹ دو - کبھی موٹروں میں گھس جاتا ہے - یہ مسلمانوں کو مغالطہ میں رکھا جا رہا ہے - اسلام مولویوں کا نہیں ہے ، اسلام رسول پاک صلعم کا ہے - اس کے مطابق جو چلتا ہے وہ مسلمان ہوتا ہے - باقی تعبیر و تشریح کا حق اگر ان کو حاصل ہے - تو ہمیں بھی تعبیر و تشریح قرآن کے مطابق ہے تو یہ اسلامی بات ہوسکتی ہے اگر اس کے موافق نہیں ہے تو یہ اسلامی بات نہیں ہوسکتی ہے - میں عرض کرتا ہوں کہ اگر سنار خالص ہے تو سنار اسے اپنی کسوٹی پر پرکھنے کے بعد قبول کرلے گا اگر وہ سنار خالص نہیں ہے اور وہ اس کی کسوٹی پر پورا نہیں اترتا ہے تو خواہ کوئی مولوی کسی سونار کی دوکان پر لے کر جائے ، سنار اسے قبول نہیں کرے گا - اگر وہ خالص ہے تو اسے کوئی عورت بھی لے جائے گی اور وہ اسے قبول کرلے گی - اسی طرح اگر کوئی داڑھی منڈا ، کوئی غریب ، کوئی نادار اسلام کے اصولوں پر عمل کرتا ہے تو وہ مسلمان ہے یہ نہیں ہے کہ اگر کوئی پیر کا لڑکا ہے ، کسی سجادہ نشین کا لڑکا ہے ، کسی مولوی کا لڑکا ہے ، کسی قاضی کا لڑکا ہے ، کسی بادشاہ کا لڑکا ہے تو یہ مطلب نہیں ہے کہ اسلام اس کے گھر کا ہوگیا ہے - امام اعظم ابوحنیفہ نے فرمایا ہے کہ ہم اسلام سے پہچانے جاتے ہیں نہ کہ اسلام ہم سے پہچانا جاتا ہے کہ جو کچھ ہم کر رہے ہیں وہ اسلام ہے بلکہ فرمایا ہے کہ حق کے ذریعے سے تو مردوں کو پرکھا جائے گا -

یہ نہیں ہوگا کہ ، سچائی اور دین کو مردوں سے پہچانا جائے گا - اس دور میں بھی دین کی وہی کسوٹی ہے جو اس دور میں تھی - وہی کسوٹی جو رسول اللہ ،

ان کے اصحابہ اکرام اور اہل بیت کی تھی - ان اقتدار کے بھوکے لوگوں کی نہیں - یہ عوام کو دھوکے دے رہے ہیں - اب انشاءاللہ ان کا یہ دھوکہ یہ بل آنے سے کھل جائے گا - جب اس قانون پر عمل ہوگا تو خود بخود لوگ سمجھ جائیں گے کہ کون اچھا کام کر رہا ہے اور کون برا کام کر رہا ہے - خدا وند کریم کے ہم شکر گزار ہیں کہ ہم اسلام کی طرف ایک قدم اور آگے بڑھے ہیں -

جناب محبوب الرحمن : جناب چیئرمین ! شراب کی پابندی پر جو جامع بل جناب الحاج مولانا کوثر نیازی صاحب نے پیش کیا ہے اس کے لیے وہ مبارکباد کے مستحق ہیں - یہ پیپلز پارٹی کی اسلامی خدمت کی راہ میں کوئی پہلا قدم نہیں ہے بلکہ میں یہ عرض کروں گا کہ جب سے قائد عوام نے اقتدار سنبھالا ہے ، پیپلز پارٹی کی گورنمنٹ نے نظام مصطفیٰ کی طرف جتنے عملی اقدام کیے ہیں وہ ابھی تک حزب اختلاف کی کاغذی کاروائی پر بھی موجود نہیں ہیں - اس ضمن میں میں آپ کی توجہ قادیانی مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں - جناب چیئرمین ! جو مسئلہ کئی سال سے معرض التواء میں پڑا ہوا تھا اور جس کو سابقہ حکومتیں حل نہیں کر سکتی تھیں وہ مسئلہ قائد عوام جناب ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں حل ہو گیا - اس کے بعد اسلامی خدمات کی طرف میں آپ کی توجہ دلانا چاہتا ہوں جس میں فراخدلانہ حج پالیسی ، سیرت کانگریس کا انعقاد ، مسجد نبوی اور خانہ کعبہ کے امام کی آمد ، اغلاط سے پاک قرآن پاک کے لیے احکام ، روئیت ہلال کمیٹیوں کا قیام ، اتوار کی بجائے جمعے کے دن چھٹی مقرر کرنا شامل ہیں اور یہ سب چیزیں پیپلز پارٹی کی حکومت نے کی ہیں - اگر آپ پاکستان کی ۲۵ سال کی سابقہ تاریخ میں دیکھیں تو اتنی خدمت اسلام کی کسی اور حکومت نے نہیں کی جس کے لیے وہ ببانگ دھل چلا رہے ہیں کہ ہم اسلامی نظام لائیں گے -

جناب چیئرمین ! یہ بل بہت اچھا بل ہے اور اس کی میں پر زور تائید کرتا ہوں لیکن مجھے اپنے ایک معزز ساتھی مولانا صاحب سے تھوڑا سا اختلاف ہے کیونکہ انہوں نے کہا کہ دوائیوں میں بھی شراب کا استعمال بند کیا جائے جو کہ ناممکن ہے کیونکہ تقریباً تیس چالیس فیصد دوائیاں الکحل کے بغیر نہیں بن سکتیں تو یہ کیسے ممکن ہو سکتا ہے کہ فارما کوپیا سے وہ دوائیاں ہی نکال دی جائیں - اس کے علاوہ انہوں نے کہا ہے کہ لفظ 'ڈپلومیٹک ایجنٹ' کے لفظ کو ہٹا کر لفظ 'غیر مسلم'

[Mr. Mahboob-ur-Rehman]

لکھا جائے - اس سے بھی مجھے اختلاف ہے کیونکہ اس وقت اتنے غیر مسلم موجود ہیں اور کچھ کو ابھی پیپلز پارٹی کی حکومت میں غیر مسلم قرار دیا جا چکا ہے تو یہ بہت مشکل ہو جائے گا پھر وہ ایگزیمپشن جو صوبہ سرحد میں مولانا مفتی محمود صاحب اور ارباب سکندر صاحب کی گورنمنٹ نے دی تھی اس سے پھر وہی لوگ فائدہ اٹھانا شروع کر دیں گے - ہر محلے اور ہر کوچے میں غیر مسلم موجود ہیں تو اس سے دوسری شکل میں سپلائی شروع ہو جائے گی اس لیے ڈپلومیٹک ایجنٹ کا لفظ بالکل صحیح ہے کیونکہ وہ بہت کم لوگ ہیں اور ان کے ذریعے سے اتنی سپلائی نہیں ہو سکتی - میں اس بل کی پر زور حمایت کرتا ہوں اور مولانا صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں -

جناب چیئرمین : بیگم عزیزہ ہمایوں مرزا -

بیگم عزیزہ ہمایوں مرزا : جناب چیئرمین صاحب ! میں اس بل کی تائید کرتی ہوں کیونکہ شراب نوشی پر پابندی لگا کر ہماری عوامی حکومت نے ہزاروں گھروں کو برباد ہونے سے بچا لیا ہے - یہ شراب صرف ایک آدمی کے لیے ہی نقصان دہ نہیں ہوتی بلکہ اس کا اثر پورے خاندان پر پڑتا ہے کیونکہ جو شخص گھر میں شراب پیتا ہے اس گھر میں بربادی ہوتی ہے کیونکہ نہ وہاں بچوں کی تعلیم پوری ہوتی ہے اور نہ بیوی بچوں کی صحت کا خیال رکھا جاتا ہے - ایک اور چیز میں آپ سے عرض کرنا چاہتی ہوں کہ یہ جو ہیپی ہمارے ملک میں داخل ہوتے ہیں اور کئی بری عادتیں اپنے ساتھ لاتے ہیں ہر قسم کی انٹاکسیکیٹنگ ڈرنکس ، ہشیش وغیرہ ان کے ساتھ ہوتی ہے اور ان کا اثر ہمارے نوجوان طبقے پر پڑتا ہے جو اسکولوں اور کالجوں میں پڑھتے ہیں اس لیے اس چیز پر ہوسٹلوں میں بھی پابندی لگائی جائے اور ہیپیز کی آمد پر بھی پابندی لگانا ضروری ہے نشہ آور چیزوں کے بنانے ، فروخت کرنے اور استعمال کو ناقابل ضمانت جرم قرار دیا جائے - میں آپ سے عرض کرتی ہوں کہ صحت کے اعتبار سے بھی یہ ایک خراب چیز ہے اس سے پورے ملک کے باشندوں کی صحت خراب ہو جاتی ہے - جو آدمی نشے میں ہوتا ہے وہ اپنے فرائض پوری طرح انجام نہیں دے سکتا اور وہ نشے کی خاطر کئی برائیوں میں مبتلا ہو جاتا ہے -

پھر وہ صرف نشہ پورا کرنے کے لیے چوری کرتا ہے ، رشوت لیتا ہے تو میں اس بل پر مولانا صاحب کو مبارکباد پیش کرتی ہوں اور اپنی عوامی حکومت کو مبارکباد پیش کرتی ہوں اور یہ امید کرتی ہوں کہ اس پر سختی سے عمل کیا جائے گا تاکہ اس ملک کو بربادی سے بچایا جائے ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ۔ سید مراد علی ۔

سید مراد علی شاہ : جناب چیئرمین صاحب ! یہ جو بل آج اس معزز ایوان کے سامنے ہے ، میں سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی مسلمان یہ پسند نہیں کرے گا کہ وہ اس کی مخالفت کرے یا اس کو خوش آمدید نہ کہے ۔ بہر حال یہ بل جس کو اسلامی بل کہنا چاہئیے اس ملک میں آج سے کئی سال پہلے آنا چاہئیے تھا لیکن شاید آج یہ سعادت اس ایوان کے اراکین کو نصیب ہونی تھی ۔ یہ بل جو ہم لوگوں کے سامنے ہے ، میں اس بل کی زیادہ تفصیل اور بحث میں نہیں جانا چاہتا ۔ چونکہ مولانا کوثر نیازی صاحب نے اور ہمارے معزز رکن مولانا عبدالحکیم نے مذہبی نقطہ نگاہ سے کافی وضاحت فرمائی ہے تاہم چند ایک پوائنٹ جو وضاحت طلب ہیں ، میں ان کی نشاندہی کرانا اپنا فرض سمجھتا ہوں ۔ سب سے پہلے تو جو فارن ڈگنیٹریز یا باہر کے لوگ جو پاکستان میں تشریف فرما ہوتے ہیں ان کے لیے کوٹہ مقرر ہونا چاہئیے ۔ بالفرض اگر کسی صاحب کے پانچ مہمان آتے ہیں اور ان کے ساتھ پانچ سو آدمیوں کی شراب ہو تو ظاہر ہے کہ پانچ آدمی اتنی کنزیوم نہیں کریں گے لیکن اس سے زیادہ وہ چیز اس ملک میں درآمد ہو چکی ہو گی ۔ تو اس کے لیے کوئی کوٹہ ہونا چاہئے دوسرا یہ کہ جس آرگنائزیشن کو لائسنس دیا جائے گا کیا اس کے لیے شراب گورنمنٹ درآمد کرے گی کیونکہ اس کی صاف طور پر وزیر صاحب نے وضاحت نہیں کی ہے ۔ اس کے علاوہ جیسا کہ ابھی مولانا صاحب نے فرمایا ہے کہ شراب کی کوئی دوکان نہیں ہو گی تو وہ آرگنائزیشن جو لائسنس لے گی وہ یہ شراب کہاں رکھے گی اور کونسی جگہ سے یہ لوگوں کو سپلائی کرے گی ؟ اس کے علاوہ ہمارے جو غیر مسلم پاکستانی ہیں ان کے لیے پرمٹ ایشو کیسے جائیں گے تو میں سمجھتا ہوں کہ کئی ایسے لوگ جو غیر مسلم بھی ہیں اور شراب نہیں پیتے ہیں وہ بھی یہ پرمٹ ضرور لیں گے اور یہ لائسنس ضرور لیں گے اس لیے کہ ہمارے بھائی لوگ جو اس چیز کے عادی ہیں وہ ان سے نئی دوستی کریں گے اور وہ دوستی محض

[Syed Murad Ali Shah]

شراب کی وجہ سے ہو گی اور کوئی اس کی بنیاد نہیں ہو گی تو کیوں نہ کوئی ایسا طریقہ کار کیا جاتا جس سے غیر مسلموں کے لیے بھی یہ پابندی عائد کریں تاکہ ہم لوگ انہیں ایک قسم کا مسلمان بنائیں کہ بھئی آپ بھی ہمارے مسلموں کی طرح شراب نہ پیئیں - سب سے اہم بات یہ ہے کہ جو لعنت ہمارے ملک میں کافی دنوں سے چل رہی تھی - اور ہمارے ملک کے جو لوگ اس چیز کے عادی ہو چکے ہیں وہ اگر دلی طور پر اسے چھوڑنا چاہیں اور چھوڑ بھی دیں تو ان کی صحت پر کافی اثر پڑے گا - اچانک چھوڑنے سے ان کو کافی نقصان پہنچے گا اور ہو سکتا ہے کہ ان کی زندگی خطرے میں پڑ جائے - ان کے لیے کوئی شق اس بل میں نہیں ہے کہ میڈیکل طریقے سے آہستہ آہستہ اس چیز کو ختم کریں - میں اس بل کی تائید کرتا ہوں اور اپنی پیپلز گورنمنٹ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں جس نے اس ملک کی اور اس قوم کی دیرینہ خواہش کو پایہ تکمیل تک پہنچایا - شکریہ -

جناب چیئرمین : شکریہ - مس آصفہ فاروقی -

مس آصفہ فاروقی : جناب چیئرمین ! پالیمنٹرین کی زندگی میں ایسے مواقع کبھی کبھار آتے ہیں جب وہ کسی بل کو پاس کرتے ہوئے فخر محسوس کرتے ہیں - جناب چیئرمین ! آج کچھ اسی قسم کے تاثرات میں بھی محسوس کر رہی ہوں - آج ہم اس ام الخبائث کو ختم کرنے کے لیے یہاں اکٹھے ہوئے ہیں جو برائیوں کی اصل جڑ ہے - شراب پر پابندی کا بل ہمارے وزیر اعظم جناب ذوالفقار علی بھٹو کا ایک تاریخی ، انقلابی اور جرأت مندانہ قدم ہے - جناب چیئرمین ! یہ ایسا قدم ہے جس کی طرف ڈکٹیٹر حضرات بھی آنکھ اٹھا کر نہ دیکھ سکے - ہمارے قائد عوام نے اپنے منشور میں جو تین اصول رکھے ہیں اس میں سب سے پہلا اصول ''اسلام ہمارا دین ہے'' ہے - اس کے عین مطابق آج یہ بل اس ایوان میں پیش کیا گیا ہے - جناب چیئرمین ! پیپلز پارٹی کے برسر اقتدار آتے ہی مذہبی امور کی وزارت بنانا ہمارے چیئرمین ، قائد عوام کا یہ ثابت کرنا تھا کہ وہ اس ملک میں اسلام کی عظیم خدمت کرنا چاہتے ہیں - کہیں اسلامی سربراہ کانفرنس بلا کر اور کہیں آزاد حج پالیسی بنا کر

اور دیگر اسی طرح کے اقدامات کیئے - اور ان میں سے ھی آج کا یہ بل بھی ایک اہم احثیت رکھتا ہے یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارے وزیر اعظم پاکستان میں شریعت اسلامی کے نفاذ کے خواہش مند ہیں وہ یہ چاہتے ہیں کہ یہ ملک ایک عظیم اسلامی مملکت بنے اور تاریخ میں یہ لکھا جا سکے کہ اس ملک میں پاکستان پیپلز پارٹی نے بر سر اقتدار آ کر اس ملک کو ایک عظیم اسلامی فلاحی مملکت بنا کر اقوام عالم کے سامنے پیش کیا تھا - شراب پر بندش کا بل میں سمجھتی ہوں کہ ان بلوں میں سے ایک ہے جو اب تک اس ایوان میں پاس ہوئے ہیں مذہبی امور کی وزارت سے یہاں اور بھی بل پیش کیے گئے ہیں جو اہمیت کے حامل تھے - یہ بل بھی جناب چیئرمین انہی میں سے ایک ہے - شراب نے بڑے بڑے خاندانوں کو تباہ کر کے رکھ دیا تھا - دیکھتے ھی دیکھتے بڑے بڑے گھر اجڑ گئے اور اگر اب بھی اس پر کنٹرول نہ کیا جاتا تو نہ جانے کتنے لوگوں کی زندگیاں تباہ ہو جاتیں اور کتنے گھر اجڑ جاتے - اس ملک اور قوم کو وزیر اعظم نے غلط راستے پر چلنے سے روک کر سیدھے راستے پر چلایا ہے اور میں امید کرتی ہوں کہ وزیر اعظم کی قیادت میں یہ ملک مزید ترقی کرے گا اور اس ایوان میں اس سے بھی زیادہ انقلابی اور جرآت مندانہ بل آئیں گے - ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی پوری تائید کرتی ہوں - شکریہ -

**جناب چیئرمین :** شکریہ - عبداللہ خاں صاحب آپ تقریر کرنے اٹھے تھے -

**جناب عبداللہ خاں :** جناب چیئرمین ! ھونا تو یہ چاھئے تھا کہ زیر بحث بل جس وقت پاکستان بنا تھا اس وقت پیش ہوتا مگر چونکہ یہ بل پیش کرنے کا کریڈٹ پیپلز پارٹی کی گورنمنٹ ، قائد عوام اور مولانا کوثر نیازی کو حاصل ھونا تھا اس لیے آج یہ بل یہاں پیش ھوا ہے - چونکہ اسلام نے شراب کو حرام قرار دیا ہے اس لئے میں اس بل کی تائید کرتا ھوں اور میں یہ گزارش کروں گا کہ بل کے پاس ہو جانے کے بعد اس پر پوری طرح اور سختی کے ساتھ عمل درآمد کرایا جائے تاکہ اس کا فائدہ ملک و قوم کو صحیح معنوں میں پہنچ سکے - شکریہ -

**جناب چیئرمین :** شکریہ - مسٹر فخر زماں -

**Mr. Fakhar Zaman :** Mr. Chairman, Sir, one honourable Member of the House has just said that we should also impose restrictions on the non-Muslims for the usage and the consumption of alcohol. I think this will be going against the basic tenents of the Constitution therein we have

[Mr. Fakhar Zaman]

given full freedom to the minorities. But if, on their own, as Maulana Kausar Niazi has rightly said, they decide not to consume liquor, then it is up to them.

The same honourable Member said we should do something about the chronic alcoholics who will, perhaps, develop complications like withdrawal syndrome. What should be done about that? I think, for that the proper procedure is that in foreign countries there are Alcoholic Anonymous or the sobering hospitals who specially administer medicines in such cases. Something probable could be done on those lines.

Now, most of the honourable Members of the House have said that probably prohibition of consumption of alcohol is the sole panacea against all social evils and the prohibition is going to transform them into good Muslims overnight. There are other social evils also. There is dishonesty, there is corruption, black-marketing, smuggli g and so on and so forth. However, prohibition Bill is laudable. It is to promote Nizam-i-Mustafa to which Peoples' Party is committed, to which the Prime Minister is committed. But we should not have ostrich-like attitude in the sense that we should say that only the prohibition will make us good Muslims. That is certainly a step forward in transforming us into good Muslims. We have to change our mental attitude, because to become good Muslims it also demands a basic change in the mental attitude. It emerges from the grass-roots. It is not usually imposed.

Lastly, I would say that is a concrete step in the right direction by the Peoples Government. It should give the Opposition this realisation that what they wanted in the initial stages and which was excluded from the 32 points which they put up before the Prime Minister. Present Government is one which is commitied to the implication of the Islamic Laws and to bring Islamic order in the country. This should make them realise that they should come to the table for a dialogue. I personally feel that the process of dialogue has its own aesthetics. It has its own aesthetics, because there are poetic under-currents in the process of dialogue which is high imperceptible which probably cannot be comprehended by thick-headed and addle brained Opposition leaders. So, they should go to the table for dialogue.

**Mr. Chairman :** I think, that will be going too far and far away from the principles of the Bill You need not make the dialogue subject of discussion. The subject of discussion is the principles of the Bill or the principles underlying this para.

**Mr. Fakhar Zaman :** I personally feel that the principles of the Bill is a step forward for dialogue to break the political impasse in the country.

**Mr. Chairman :** You need not make disalogue subject of discussion. That reference is all right, but no more about that subject how the dialogue should be held, what they should do—because if you throw open this subject to discussion, then instead of speaking on the Bill, we will be

straying away from the subject, and we will be entering into the discussion on dialogue which will be beyond the scope of this Bill.

**Mr. Fakhar Zaman :** Then with that I support.

**Mr. Chairman :** And, I think, our Prime Minister is quite competent to look after that subject.

**Mr. Fakhar Zaman :** Thanks, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes, Mr. Ghulam Ahmed.

**جناب غلام احمد :** جناب چیئرمین صاحب ! میں اس بل کی پر زور تائید کرتا ہوں اور جیسا کہ جناب شاہ صاحب نے فرمایا کہ ہمیں غیر مسلموں کے لیے بھی شراب کو بند کر دینا چاہئیے میں ان کی بھی تائید کرتا ہوں کیونکہ شراب کو کسی بھی مذہب میں اچھا نہیں سمجھا گیا ہے ۔ اس لیے ہم پر یہ فرض عائد ہوتا ہے کہ اپنے ملک میں شراب کی بندش ان کے لیے بھی کر دیں ۔ جہاں تک دوائیوں کا تعلق ہے میں یہ کہوں گا کہ ان دوائیوں ہی کو اپنے ملک میں نہیں منگوانا چاہئیے جن میں شراب کا عنصر شامل ہو بلکہ ان دوائیوں کے نعم البدل دوائیاں ہمیں اپنے ملک میں تیار کرنی چاہئیں ۔ شکریہ ۔

**Mr Chairman :** Thank you very much, very good. Brief and to the point. Yes, Mr. Shinwari.

بہت لمبی چوڑی تقریر نہ ہو کیونکہ شاید دیگر صاحبان بھی اس پر بولنا چاہیں اور شاید مولانا کوثر نیازی صاحب یہ چاہیں کہ یہ بل آج پاس ہو جائے ۔ تو میرے خیال میں چار پانچ منٹ ہی ہر ایک معزز رکن کی تقریر کے لیے کافی ہیں ۔

**جناب نعمت اللہ خان شنواری :** جناب یہ بل آج ہی پاس کر دیں گے ۔

**جناب چیئرمین :** ٹھیک ہے آپ ارشاد فرمائیے ۔

**جناب نعمت اللہ خان شنواری :** جناب چیئرمین ! شراب کی بندش کے متعلق اس وقت اس ایوان میں جو بل زیر غور ہے اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے ۔ اس سے پہلے بھی مختلف صوبائی اور مرکزی حکومتوں نے بل بنائے تھے ۔ لیکن ان میں سزائیں بہت کم ہوتی تھیں اور چوری چھپے شراب پلانے کے کئی مواقع ان میں میسر ہوتے تھے ۔ اس لئے وہ بل مؤثر ثابت نہ ہو سکے ۔ مثال کے طور پر

[Mr. Niamatullah Khan Shanwari]

پہلے بلوں میں شراب کی بندش کے لیے مجسٹریٹ صاحبان ۵۰ ، ۱۰۰ روپے تک جرمانہ کر کے شراب پینے والے اشخاص کو چھوڑ دیتے تھے ۔ لیکن میں مولانا صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ اس بل میں جہاں انہوں نے دس ہزار روپے تک جرمانے کی سزا رکھی ہے وہاں دو سال قید سخت کی سزا بھی رکھی ہے جو میرے خیال میں اس بل کو مؤثر بنانے میں کافی مدد گار ثابت ہو گی ۔ اس کے علاوہ جناب والا ! جہاں تک قبائلی علاقوں کا تعلق ہے وہاں نہ تو شراب کی کوئی دکان ہے نہ شراب خانہ یا کلب یا کوئی ایسی چیز ہے لیکن پھر بھی جناب والا ! چونکہ قبائلی عوام کو روز گار کے لیے شہروں میں آباد ہونا پڑتا ہے اور اپنے بچوں کو سکولوں اور کالیجوں میں تعلیم دلوانے کے لیے شہروں میں رہنا پڑتا ہے اس لیے یہ بالکل ظاہر تھا کہ یہ برائی قبائلی معاشرے میں بھی پھیل جائے گی لیکن اس بل کے آنے کے بعد مجھے امید ہے کہ جہاں یہ لعنت اس ملک سے دور ہو جائے گی وہاں قبائلی لوگ اور قبائلی معاشرہ بھی اس لعنت سے محفوظ ہو جائے گا ۔ جناب والا ! کچھ دوستوں نے ڈپلومیٹ کور کے کوٹے کے متعلق بھی اس ایوان میں ذکر کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ کوئی ایسی بات نہیں ۔ ان کو یہ خطرہ محسوس نہیں کرنا چاہئیے کہ ڈپلومیٹ کور کے ذریعہ اس ملک میں ہزاروں پیٹیاں شراب کی درآمد کی جائیں گی اور یہ ملک کے ہر حصہ میں پھیل جائیں گی ۔ جہاں تک میرا خیال ہے اور مولانا صاحب اس کی تائید کریں گے کہ ڈپلومیٹ کے لیے کوٹہ مقرر ہوتا ہے وہ اپنے مخصوص کوٹے سے زیادہ درآمد نہیں کر سکتے ۔ میرے دوستوں کا یہ خدشہ میرے خیال میں غلط فہمی کی بناء پر ہے ۔ اس کے علاوہ جناب والا ! میں ایک اور بات واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ جب سے قومی اسمبلی میں شراب کی پابندی سے متعلق یہ بل پیش ہوا ہے ملک کے مختلف اخبارات میں ایسی خبریں چھپی ہیں کہ اب شراب قبائلی علاقوں کے ذریعے سے اور خاص طور پر لنڈی کوتل اور باڑہ کے بازاروں سے اس ملک میں درآمد کی جائے گی ۔ میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ کافی عرصہ پہلے قبائلی جرگوں میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ ہمارے بازاروں میں اگر کسی دکاندار کے متعلق یہ شکایت موصول ہو کہ وہ شراب فروخت کر رہا ہے تو اس کی دوکان لوٹی جائے گی اور اس کے گھر کا ایک حصہ ہمارے رسم و رواج کے مطابق جلایا جائے گا ۔ اخبار نویس حضرات یہاں موجود ہیں میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ کسی علاقے یا

قبائلی علاقے کے کسی بازار میں کسی ایسے دوکاندار کا پتہ مجھے بتائیں تو میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ اس کی دوکان لوٹی جائے گی اور اس کا گھر جلایا جائے گا ۔ اگرچہ یہ قانون قبائلی علاقوں پر لاگو نہیں ہے لیکن ہم نے اپنے طور پر یہ فیصلہ کیا ہوا ہے ۔ تو اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک میں یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہئیے کہ اب تو شراب کو اس ملک میں درآمد نہیں کیا جا سکتا تو یہ قبائلی علاقوں کے ذریعے سے اس ملک میں آئے گی ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں مولانا صاحب اور جناب وزیر اعظم صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ایک بہت اچھا بل دیر آید درست آید کے مصداق پیش کیا ہے ۔ شکریہ ۔

**جناب چیئرمین :** شکریہ ۔ میاں سیف اللہ پراچہ ۔

**میاں سیف اللہ خاں :** جناب چیئرمین ! میں اس بل کے پیش کرنے پر مولانا صاحب کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ۔ اسلام کے لیے موجودہ حکومت کی جو خدمات ہیں اس بل کی بھی اب ایک پوزیشن ہے ۔ پہلے بھی کئی بار کوششیں کی گئی تھیں مگر شراب نوشی نہیں رک سکی ۔ اب اس بل کے ذریعے اس برائی کو روکنے کے لئے ٹھوس اقدام کئے گئے ہیں تاکہ اس ملک میں شراب نوشی کو مکمل طور پر بند کیا جائے بلکہ ڈاکٹروں کے سرٹیفیکیٹ کے ذریعے شراب نوشی کی جو اجازت ملتی تھی اس کو بھی اب بند کردیا گیا ہے ۔ مگر میں آپکے توسط سے اس ایوان میں یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ حکومت کو اب بہت چوکنا ہونا پڑے گا کیونکہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ چمن اور کوئٹہ کے سمگلر سمگلنگ کے ذریعے سے شراب کو منگوانے کے اقدام اٹھا رہے ہیں اور اگر حکومت نے کوئی قدم نہ اٹھایا تو کریٹوں کے حساب سے شراب فوراً بذریعہ سمگلنگ اس ملک میں لائی جائے گی ۔ دوسری چیز یہ ہے کہ اس ملک میں ناجائز طریقے سے بھٹیوں کے ذریعے جو شراب بنائی جاتی ہے اس میں بھی اضافہ ہوگا ۔ پہلے بھی ہر جگہ اس قسم کی کاروائی ہوتی تھی ۔ اخباروں میں وقتاً فوقتاً اس کا ذکر آتا رہتا ہے اور کیونکہ ان لوگوں کو تجربہ نہیں ہے اس لئے دیسی شراب بناتے وقت اس میں کئی ایسی زہریلی چیزیں شامل ہوجاتی ہیں جن کی وجہ سے جانی نقصان ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے ۔ تو حکومت کو ان چیزوں طرف توجہ دینی ہوگی کہ دیسی شراب نہ بنے اور نہ بکے ۔ تیسری بات یہ ہے کہ شراب نوشی کو

[Mian Saifullah Khan]

روکنے کا جو قدم اٹھایا گیا ہے یہ قابل مبارکباد ہے ۔ مگر دو اور لعنتیں یعنی بھنگ اور چرس بھی اس ملک میں پائی جاتی ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** آپ افیون کو کیوں بھول رہے ہیں ۔

**میاں سیف اللہ خان :** افیون بھی شامل کرلیتے ہیں ۔ ان کو روکنے کے لئے بھی ایسے ہی ٹھوس اقدام اٹھانے چاہیئں اور ان لعنتوں کو بھی مکمل طور پر ختم کرنا چاہئے ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

**جناب چیئرمین :** شکریہ ۔ مسٹر ولی محمد خان !

**جناب ولی محمد خان :** جناب چیئرمین ! یہ بل جو آج اس ایوان میں زیر بحث ہے میرے خیال میں کوئی مسلمان بھی اس بات سے انکار نہیں کرسکتا کہ شراب پر پابندی لگانا ایک مستحسن اقدام ہے اور ہمارے قائد عوام نے جو وعدہ کیا ہے کہ وہ اس ملک میں شرعی نظام رائج کریں گے یہ اس کی طرف ایک قدم ہے ۔ جناب والا ! پاکستان کو بنے قریباً تیس سال ہوئے ہیں جو بھی حکومتیں آئیں انہوں نے عوام کے پاس جاکر ہمیشہ عوام کو دھوکا دیا ۔ کبھی اسلام کے نام پر اور کبھی نظریہ پاکستان کے نام پر ۔ انہوں نے لوگوں سے ووٹ حاصل کرکے حکومتیں کیں لیکن گذشتہ دور میں ہم نے دیکھا اور عوام نے بھی دیکھا کہ جن لوگوں نے بھی اسلام کے نام پر ووٹ حاصل کئے انہوں نے اسلام کی سربلندی کے لئے کوئی قدم نہیں اٹھایا ۔

آج یہ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت ہے ، پیپلزپارٹی اور قائد عوام جناب ذوالفقار علی بھٹو کی جد و جہد کا نتیجہ ہے کہ آج سینیٹ کے سامنے شراب پر پابندی کا یہ بل پیش کیا گیا ہے ۔ جناب والا ! اتحاد میں جتنی پارٹیاں شامل ہیں مجھے اس بات کا یقین ہے کہ ان کو اسلام کے سلسلے میں اور شراب پر پابندی کے سلسلے میں عوام سے کسی قسم کی کوئی ہمدرری نہیں ہے ۔ یہ نہیں چاہتے کہ اس ملک میں شراب پر پابندی عاید ہو کیونکہ اس اتحاد میں ایسی پارٹی ہیں جو سیکولر قسم کی ہیں بدقسمتی سے میں بھی ایک ایسی پارٹی سے وابستہ رہا ہوں جو کہ آج کل اتحاد میں شامل ہے ، وہ کالعدم نیپ ہے ۔ مجھے پتہ ہے کہ وہ لوگ سرے سے اسلام نہیں چاہتے

ہیں ۔ پچھلی دفعہ فرنٹئر میں جب نیپ اور جمیعت کی گورنمنٹ تھی اور اس کے وزیر اعالی مفتی محمود صاحب تھے تو میں وہاں ایڈوائزر تھا ۔ اسوقت مفتی محمود نے شراب پر پابندی لگائی تھی ۔ بڑے بڑے لوگ جو اسوقت اتحاد میں شامل ہیں وہ ھنسا کرتے تھے اور شراب کی بوتل کو مفتی محمود کے نام سے پکارتے تھے ، اس سے مذاق کرتے تھے ۔ مجھے پتہ ہے کہ اتحاد میں اکثریت ایسے لوگوں کی ہے اور اتحاد کا سٹیرنگ کالعدم نیپ کے ہاتھ میں ہے ۔ وہ مولویوں کو دھوکا دے رہے ہیں مودودی صاحب کو دھوکا دے رہے ہیں یا جو دوسرے مولوی ہیں ان کو دھوکا دے رہے ہیں ۔ وہ اسلام کو بالکل نہیں چاھتے ۔ وہ نہیں چاھتے کہ اس ملک میں اسلام اور شریعت کا نفاذ ھو ۔ آج بھی اتحاد نے جو نکات پیش کیے ہیں ان میں انہوں نے اسلام کا نام نہیں لیا ہے ، شریعت کا نام نہیں لیا ۔ یہ بل پیپلز پارٹی نے آج سینیٹ کے سامنے پیش کیا ہے اس پر میں وفاقی وزیر کو مولانا کوثر نیازی صاحب کو اس کی مبارکباد دیتا ہوں ۔ جیسا کہ مولانا عبدالحکیم نے فرمایا ہے کہ شراب کے نفاذ کے سلسلے میں وہ ٹھیکیدار نہیں ہیں ۔ اسلام کا نفاذ عوام چاھتے ہیں ۔ انہوں نے کہا تھا کہ ہم چار دن میں اسلام نافذ کردیں گے لیکن ان کے مطالبات میں ، شریعت کے نفاذ کے مطالبے کو انہوں نے خارج کردیا ہے ۔ اس ملک میں اچھے اچھے علماء موجود ہیں اگر وہ نہیں آتے تو جس طرح ہم نے شراب پر پابندی کا بل مل کر پیش کیا ہے اسی طرح ہم شریعت کے نفاذ کے سلسلے میں ایسا ھی بل پیش کرسکتے ہیں اور اسے جتنی جلدی پیش کیا جائے، اتنا ہی اچھا ہوگا اور یہ ھمارے لئے نیک شگون ہوگا ۔

**جناب چیئرمین :** بہت بہت شکریہ میرے خیال میں اب کافی تقریریں ہوگئی ہیں ، مولانا صاحب آپ جواب دیجئے ۔

**مولانا کوثر نیازی :** جناب والا ! میں سینیٹ کے معزز ارکان کا شکرگزار ھوں کہ انہوں نے اس بل کو منظور کیا اور بڑے اچھے جذبات کا اظہار کیا لیکن بعض دوستوں نے کچھ نکتے اٹھائے ہیں جن پر میں اظہار خیال کرنا ضروری تصور کرتا ہوں مولانا عبدالحکیم نے یہ ارشاد فرمایا ہے کہ لیکور کے ساتھ انٹا کسیکیٹنگ کا لفظ استعمال کرنے کی ضرورت نہیں تھی یہ شاید اس لیے انہوں نے کہا کہ وہ انگریزی زبان کو صحیح طور پر سمجھتے نہیں ، انٹا کسیکیٹنگ کے انگریزی کے ڈیکشنری میں جو کچھ بھی معنی لکھے ہیں ان میں سرفہرست anything Liquid ''ایک مشروب'' اسلئے شراب کا حقیقی

[Maulana Kausar Niazi]

مفہوم پیدا کرنے کے لئے ضروری تھا کہ اس کے ساتھ انٹا کسیکیٹنگ کا لفظ استعمال کیا جائے - مجھے امید ہے کہ اس تشریح کے بعد ان کی یہ غلط فہمی دور ہوجائے گی - دوسرا انہوں نے فرمایا ہے کہ سزا دینے کے لئے پبلک مقام کا انتخاب کیوں کر کیا جاسکتا ہے کہ جو شخص پبلک مقام پر شراب پیتا ہوا پکڑا جائے گا اس کو سزا دی جائے گی - میں نے اپنے تعارفی کلمات میں یہ بتایا تھا کہ اس بل کے ذریعے پولیس کو ایسا اختیار نہیں دیا گیا ہے کہ وہ جا بجا رشوت کا بازار گرم کرسکے اور لوگوں کے گھروں پر بلا سبب اور بلا وجہ یا محض شک و شبہ کی بنا پر یا دشمنوں کے کہنے سننے پر چھاپے مارے اور اس طرح شہریوں کی زندگیوں کو اجیرن بنا دیں - ویسے بھی شاید وہ بھول گئے ہیں کہ حضرت عمرفاروق کے زمانے میں یہ واقعہ پیش آیا ازالت الخفا میں شاہ ولی اللہ دھلوی نے لکھا ہے کہ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ سیدنا حضرت عمر فاروق گشت کر رہے تھے کہ رات کو ایک گلی سے گذرتے ہوئے ایک مکان سے ان کو ایک عورت کے گانے کی آواز آئی - انہوں نے دیوار پھلانگی اور گھر کے اندر تشریف لے گئے اس عورت سے کہا کہ تم جو اشعار پڑھ رہی تھی وہ سوقیانہ اور بازاری طرز کے تھے اس لئے کیوں نہ تمہیں سزا دی جائے - اس نے کہا کہ یا امیرالمومنین ، مجھے سزا بعد میں دیجیئے گا لیکن آپ اپنی خبر لیں اس لئے کہ آپ نے احکام خدا وندی کی خلاف ورزی کی ہے یہ کہ قرآن حکیم میں یہ حکم ہے کہ کسی کے گھر میں اجازت اور اذن کے بغیر داخلہ ممنوع ہے - حکم ہے کہ پہلے دستک دو اگر جواب نہ آئے تو تین دفعہ دستک دو اگر کوئی جواب نہ آئے تو واپس لوٹ جاؤ - دوسری خلاف ورزی آپ نے یہ کی ہے کہ قرآن میں یہ الفاظ موجود ہیں کہ گھروں میں دروازوں سے داخل ہوں ، لیکن آپ دیوار پھلانگ کر اندر تشریف لائے ہیں - تیسری خلاف ورزی آپ نے یہ کی ہے کہ قرآن میں یہ حکم ہے کہ ''ولاتجسسو'' کہ کھوج میں نہ پڑو ، سونگھتے نہ پھرو کہ کون کیا کر رہا ہے - عیب جوئی میں نہ لگے رہو - آپ نے اس کی بھی خلاف ورزی کی ہے - امیرالمومنین نے کہا کہ ہاں تم ٹھیک کہتی ہو - اس سے معذرت کی اور یہ کہہ چلے گئے - تو میں یہ عرض کروں گا کہ مولانا صاحب کیا چاہتے ہیں کہ پولیس کو یہ اختیار دیا جائے کہ وہ گھروں میں جا کر چھاپے ماریں اور جو کردار پولیس

کا ہے ، ماشاءاللہ ان میں کچھ دیانتدار بھی ہیں ، میں نہیں کہتا کہ سبھی ایک ہیں لیکن آخر وہ بھی اسی معاشرے سے تعلق رکھتے ہیں ۔ آخر وہ بھی ہمارے بھائی ہیں ۔ وہ شریف شہریوں کی زندگیوں کو اجیرن بنا دیں گے لوگوں کے کردار کو داغ دار کریں گے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ضرورت سے زیادہ ان کی گرم جوشی ہے جو یہ انہوں نے تجویز پیش کی ہے ان کی یہ تجویز نہ تو اسلام کے اصولوں کے مطابق ہے ، نہ ھی یہ مصلحت کے مطابق ہے اور نہ یہ شریف شہریوں کو محفوظ کرنے کے لئے ضروری اور مناسب ہے ۔

جناب والا ! تیسری بات بھنگ ، افیون اور چرس کے بارے کہی گئی ہے کہ اگر شراب پر پابندی لگائی جا رہی ہے تو ان چیزوں پر بھی پابندی لگانی چاہئیے ۔ میں پھر کہوں گا کہ جہاں تک شراب کا تعلق ہے وہ ایک واضح نص ، ایک حکم قرآنی کے ذریعے حرام ہے لیکن دوسری چیزوں کا ذکر اس طرح قرآن میں موجود نہیں ہے اس کو استنباط کیا جا سکتا ہے لیکن کسی نص صریح کے ذریعے وہ حکم عائد نہیں کیا جا سکتا جو شراب پر کیا جا سکتا ہے البتہ اگر کوئی ممبر واضح انداز میں ٹھوس الفاظ میں یہ تجویز پیش کرے تو پھر اس پر غور کیا جا سکتا ہے ۔ مگر آخر قانون کو ہی کیوں امرت دھارا سمجھا جا رہا ہے ، ہر مرض کی دوا آخر قانون کو ہی کیوں سمجھا جا رہا ہے ؟ کچھ فرائض ذرائع ابلاغ کے ہیں ، کچھ فرائض ہمارے علماء کے ہیں ، کچھ فرائض ہماری سیاسی اور سماجی جماعتوں کے بھی ہیں ۔

جناب والا ! کچھ فرائض خود ہمارے سیاسی اور سماجی رہنما کے بھی ہیں ۔ وہ رائے عامہ کو ہموار کریں وہ ان خرابیوں اور ان مفاسد سے سوسائٹی کو پاک کرنے کی کوشش کریں ۔ جناب والا ! وہ قانون جس کی پشت پر ایک مضبوط رائے عامہ نہیں ہوتی ، وہ قانون جس کے ساتھ ساتھ معاشرے کی اصلاح کرنے کی کوشش نہیں کی جاتی ، وہ قانون کبھی وہ نتائج برآمد نہیں کر سکتا جن کی اس سے توقع کی جاتی ہے ۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی بنانے کے ضمن میں اور شریعت کے نفاذ کے لئے صرف اپوزیشن راہنماؤں کا انتظار نہیں کیا جائے گا کہ وہ کونسل میں شریک ہوں ، تب گاڑی آگے چلے اور پھر میں نے اپنے کلمات ہی میں بتایا تھا کہ اسلامک کونسل آف آئیڈیالوجی زیر تشکیل ہے اور تینوں اصحاب

[Maulana Kausar Niazi]

مولانا مودودی صاحب ، مولانا مفتی محمود صاحب اور مولانا شاہ احمد نورانی صاحب کو تحریری دعوت نامے نارمل انداز میں بھیج دیئے گئے ہیں لیکن اگر انہوں نے رکنیت قبول نہ بھی کی تب بھی یہ کام تو ہونا ہے اور یہ کام کسی خارجی دباؤ کے تحت نہیں کر رہے ہیں کیونکہ یہ ہمارے ایمان اور ہمارے ضمیر کی آواز ہے اور یہ کام اس ملک کے بنیادی مقاصد سے ہم آہنگ ہے اور یہ کام اگر نہ ہو تو پاکستان کے وجود کا کوئی مفہوم باقی نہیں رہتا ۔ اس لئے یہ کام ہوگا ۔ پہلے سات سال کی مدت قومی اسمبلی نے باہم اتفاق سے ، جس میں اپوزیشن کے راہنما بھی تھے ، مقرر کی ہے جس میں سے ساڑھے تین سال کا عرصہ گزر چکا ہے ۔ لیکن اب جو کونسل بنے گی اس کو چھ مہینے کی مدت دی گئی ہے اور چھ مہینے سے مراد چھ مہینے کے اندر ، اس سے مراد چار مہینے ، تین مہینے ، دو مہینے اور ایک مہینہ بھی ہوسکتا ہے اور جب بھی وہ کونسل اپنی سفارشات پیش کرے گی تو ہم کمٹڈ ہیں ، یہ وعدہ کرچکے ہیں کہ ان ایوانوں کے اندر اکثریتی پارٹی کی حیثیت سے جو سفارشات بھی کونسل پیش کرے گی ہم اسے قانون کا جامہ پہنائینگے ۔ اب اس سے زیادہ واضح انداز میں میں نہیں سمجھتا کہ کوئی یقین دہانی کبھی کرائی گئی ہو یا اس طرح کا کوئی عملی جرات مندانہ اقدام کرنے کی ضمانت بہم پہنچائی گئی ہو ۔ اس لیے میں ایوان کو یقین دلاتا ہوں کہ کونسل ہر حال میں بنے گی ، چند دنوں میں بنے گی چاہے کوئی اس میں آئے یا نہ آئے یہ کام ہو کر رہے گا اور دنیا کی کوئی طاقت اس کام کو نہیں روک سکتی ۔

جناب والا ! یہ بھی کہا گیا ہے کہ قانون کے نفاذ کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں وگرنہ یہ قانون کاغذ پر رہ جائے گا ۔ یہ صحیح ہے لیکن عملی اقدامات آپ کیا تجویز کرتے ہیں ۔ عملی اقدامات یہ ہیں کہ ملک میں کوئی شراب خانہ نہ ہو گا ، کوئی دوکان نہیں ملے گی جہاں سے شراب دستیاب ہو ۔ یہی عملی اقدامات ہیں جو حکومت کر سکتی ہے اور یہ کیا جائے گا ۔ اس کے علاوہ پاکستان کے کسی سفارت خانے کی طرف سے کسی سرکاری تقریب میں شراب استعمال نہ ہو گی اور اس کے لیے باقاعدہ ہدایات جاری کر دی گئی ہیں ۔ پاکستان کے اندر بھی کسی سرکاری تقریب میں شراب استعمال نہ ہو گی ۔ اس کے لیے احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں ۔

جناب والا ! آخر یہی عملی اقدامات ہوتے ہیں ۔ باقی رہی یہ بات کہ اس کے باوجود خطرہ ہے کہ بعض لوگ غیر مسلم کا پرمٹ استعمال کریں گے اور کوئی کسی اور انداز سے کسی فارن سے لے آئے گا ۔ تو جناب ! دنیا کا کونسا قانون ہے جس کو توڑنے کے لیے یار لوگ طریقے تراش نہیں لیتے ۔ اور اگر دل ھی مسلمان نہ ہو تو پھر ہم کیا کر سکتے ہیں ۔ آخر نماز میں وضو فرض کیا گیا ہے اب اس لیے تو کوئی شخص انہیں وضو کا حکم دے گا کہ وہ وضو کرنے میں تأمل کرے گا کہ کہیں کوئی بے وضو ہی نماز نہ پڑھ لے ۔ ہم کہاں کے محتسب ہیں کہ ہم نیتوں کا احتساب کریں اور ہم کہاں دلوں کی دنیا میں جھانک سکتے ہیں ۔ وہ کونسا قانون ہے اور وہ کونسا آلہ ایجاد ھوا ہے جو نیتوں کی جانچ پرکھ کر سکے ۔ اگر کوئی شخص خود کافر ہے اور اس کی نیت کافر ہے اور اگر کوئی اس جانب آنا ہی نہیں چاہتا اور خوف خدا ھی اس کو نہیں روک سکتا تو پھر خلوت اور تنہائی میں کون ہے جب کوئی دیکھنے والا نہ ہو تو وہ روزہ توڑ دے اور جب باہر آئے تو یہ ظاہر کرے کہ وہ تو سخت روزے دار ہے اس کو پیاس لگی ہوئی ہے ، ہوٹلوں پر پھڑیاں جمی ہوئی ہیں اور اس خطرے سے یہ راستہ اختیار کر لیا جائے گا تو احکام کے نفاذ میں حیل و حجت اور تاخیر کا راستہ اختیار نہیں کیا جاتا اور ہم نے یہ کہا تھا ۔

(اس مرحلے پر جناب ڈپٹی چیئرمین کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

**مولانا کوثر نیازی :** جناب والا ! اس کے لیے یہ کیا گیا ہے کہ اس کے لیے اگر شورٹی اور گارنٹی حاصل کرنی ہے کہ فرد اپنی انفرادی زندگی میں بھی ، علیحدگی میں ، تنہائی میں بھی جہاں کوئی آنکھ بجز خدا کی آنکھ کے اس کو دیکھنے والی نہ ہو ، وہاں بھی وہ افراد اسلامی قانون کا احترام کرے ، ملکی قوانین کا احترام کرے ، تو اس کے لیے لازم ہو گا کہ ہم زبردست مہم چلائیں اور ہم اس کے لیے احتساب کا فرض بھی انجام دیں ۔ تبلیغ اور واعظ و ارشاد کی مسندوں کو بھی استعمال کریں ۔ آخر واعظ و ارشاد اور منبر و محراب اور تبلیغ کی مسندیں اور محفلیں کیا اس لیے ہیں کہ لوگوں کو ایک دوسرے کا گلہ کاٹنے کے لیے اکسایا جائے اور خون مسلم کی سوداگری اور تجارت کی جائے ۔ لوگوں کو اکسایا جائے کہ وہ گھروں کو آگ لگائیں ، لوگوں کو برانگیختہ کیا جائے کہ وہ دوسروں کی عزت پر ہاتھ ڈالیں اور لوگوں کو کہا جائے کہ وہ مسلمانوں کا مال لوٹیں ۔ کہاں تو وہ خطبہ حجة الوداع

[Maualna Kausar Niazi]

تھا کہ سرکار دو عالم نے تمام مسلمانوں کو اپنے سامنے بٹھا کر یہ کہا تھا کہ تمہاری جانیں ، تمہارا مال ، تمہاری آبروئیں اسی طرح حرمت والی ہیں اور اسی طرح احترام والی ہیں جیسے یہ مہینہ ہے ، جیسے یہ دن ہے ، جیسے کہ یہ جگہ ہے ، میں کہتا ہوں کہ وہ شخص جو خانہ کعبہ کو ڈھاتا ہے وہ اتنا مجرم نہیں ہے جتنا کہ جناب والا وہ شخص جو ایک مسلمان کی عزت کو خراب کرتا ہے اور اس کی عزت پر حملہ کرتا ہے - لیکن آج واعظ و ارشاد اور تبلیغ کی مسندوں اور محفلوں میں یہ آواز تو رہی نہیں لیکن یہ آواز ضرور اٹھتی ہے کہ مسلمانوں کا گلہ کاٹو ، فلاں مسلمان کا بائیکاٹ کرو ، فلاں کی شادی بیاہ میں شریک نہ ہو ، فلاں کا جنازہ نہ پڑھو ، فلاں پر سلام نہ کہو - اور اگر اس ریورس گیئر میں ہماری گاڑی چلے گی اور اگر اسی طرح ہم اسلام کو مذاق کا نشانہ بنائیں گے تو پھر کوئی بھی قانون ہو وہ نتائج برآمد نہیں کر سکتا جو ایک اسلامی طرز کے معاشرے میں متوقع ہوں - اس لیے جناب والا ! میں یہ کہوں گا ایوان کے معزز اراکین سے کہ وہ قانون منظور کریں لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہمارا ریڈیو ، ہمارا ٹیلی ویژن ، ہمارا پریس ، ہمارے علماء ، ہماری اصلاحی اور ساجی انجمنوں کا اور ہماری سیاسی جماعتوں کا بھی یہ فرض ہے کہ وہ اس کے لیے رائے عامہ کو ہموار کریں - وہ لوگوں کے ذہنوں کو تیار کریں - وہ لوگوں کے قلوب و اذہان کو ان مقاصد سے ہم آہنگ بنانے کی کوشش کریں تاکہ خلوت و جلوت میں وہ قانون کا احترام کرنا سیکھ سکیں - اس کے ساتھ جو لوگ قانون منظور کر رہے ہیں اور جو لوگ قانون پاس کر رہے ہیں وہ بھی اپنے اندر یہ عزم پیدا کریں - جناب والا ! اس سے کوئی ناراض نہ ہو اگر میں یہ کہوں کہ قومی اسمبلی کے اراکین بھی اور سینیٹ کے اراکین بھی سب مل جل کر یہ عزم کریں کہ وہ چونکہ قانون منظور کرنے والے ہیں ، وہ کم از کم اس مفسدے سے بچنے کا عہد کرتے ہیں اور اس ضمن میں ان سے کبھی لوگوں کو یہ شکایت پیدا نہ ہو گی کہ وہ خود قانون بنا کر قانون توڑ رہے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ جب اس طرح کے عملی اقدام لوگوں کے سامنے آئیں گے تو ضرور رائے عامہ ہموار ہو گی اور ضرور وہ نتائج پیدا ہوں گے جس کی ہم توقع کر رہے ہیں -

جناب والا ! اس کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس

قانون کے منظور ہو جانے سے ڈائیلاگ کا راستہ ہموار ہو گا ۔ تو میں یہ عرض کروں گا کہ اس قانون کی منظوری سے ڈائیلاگ کا کوئی تعلق نہیں ہے ۔

کوئی مذاکرات کرے نہ کرے ، ہماری بلا سے ۔ یہ قانون پاس کرنا ہمارا فریضہ ہے ۔ اسلام کی طرف پیش رفت کرنا ، یہ ہمارا ایمانی فریضہ ہے ۔ یہ ہمارے اس آئین کا حصہ ہے جس کے لیے ہم سب نے عہد کیا ہے ، اس پر ہم نے حلف اٹھایا ہے ۔ اس لیے کسی خارجی دباؤ ، کسی خارجی مفاد کا اس قانون کے نفاذ سے کوئی تعلق نہیں ۔ مذاکرات ہونے چاہئیں ، ضرور ہونے چاہئیں ۔ سیاسی حل نکلنا چاہیئے ، ضرور نکلنا چاہیئے ۔ یہ ہمارے ملک کے لیے ضروری ہے ، یہ اس ملک کے مستقبل کے لیے ضروری ہے ۔ لیکن جناب والا ! میں یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ اس قانون کا یا آئندہ آنے والے اور قوانین کا ، اسلام کی شریعت کے ضمن میں کیے جانے والے دوسرے قوانین کا اس خواہش سے کوئی تعلق نہیں ہے کہ مذاکرات ہوں ۔ اس لیے کہ یہ کسی کی اجارہ داری نہیں ہے ۔ یہ ان کا ٹریڈ مارک نہیں ہے ۔ یہ ان کی جائیداد نہیں ہے کہ وہ اس کے لیے حق رکھتے ہیں کہ اقدام کریں اور ہم حق نہیں رکھتے ۔ پھر جناب والا ! میں آخر میں یہ کہنا بھی اپنا فرض سمجھتا ہوں ۔ جناب ! میں آپ کے توسط سے لیڈر آف دی ہاؤس سے بھی گزارش کروں گا تاکہ وہ ہاؤس کے ڈیکورم کو ملحوظ رکھیں کیونکہ ان سے ہاؤس کو بہت توقع ہے کہ وہ ہاؤس کی رہنمائی کریں گے جب کہ اس طرح کا اہم بل زیر غور ہو ۔ میں جناب والا ! آخر میں آپ کے توسط سے یہ عرض کروں گا کہ یہاں بار بار نظام مصطفیٰ کا حوالہ دیا گیا ہے ۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ نظام مصطفیٰ محض چند قوانین کا نام نہیں ۔ محض چند قوانین پاس کر کے وہ مطلوبہ نظام نہیں آ سکتا ۔ نظام مصطفیٰ وہ ہے جس کے بارے میں علامہ اقبال رح نے کہا ہے ۔

کس نہ باشد در جہاں محتاج کس<br>
نکتہ شرح مبیں ایں است و بست

جب کوئی شخص کسی دوسرے کا محتاج نہیں ہو گا ، جب کوئی کسی کے آگے دست سوال دراز نہ کرے گا ، جب کوئی کسی کی عزت سے نہ کھیل سکے گا ، جب کوئی کسی کو ایکسپلائیٹ نہ کر سکے گا ، جب ہر شخص کی آبرو محفوظ ہو گی ، جان محفوظ ہو گی ، جب ہر شخص آزاد ہو گا ، جب ہر شخص اپنی غیرت کے مطابق

[Maulana Kausar Niazi]

اپنی زندگی گزار سکے گا ، وہ معاشرہ کہ جس میں فلاح ہو گی ، جس میں ظلم نہیں ہو گا ، جس میں نا انصافی نہیں ہو گی ، جس میں کوئی عورت اپنا جسم نہیں بیچے گی ، جس میں کوئی غریب آدمی اپنے بچے کے علاج معالجہ کے لیے ساہوکاروں سے قرض لینے کے لئے مجبور نہ ہو گا ، جس میں کوئی مزدور خون نہ تھوکے گا ، جس میں کوئی بیٹی اس لیے ہاتھ پیلے نہ کر سکے گی کہ اس کے پاس شادی کے لیے پیسہ نہیں ہے - جناب والا ! جب وہ معاشرہ آئے گا تو پھر ہم کہہ سکیں گے کہ ہاں نظام مصطفیٰ آ گیا - چند قوانین سے ، اس نظام کی جانب بڑھنے کے لیے ، ہم راستہ تو ہموار کر سکتے ہیں مگر یہ نہیں کہہ سکتے کہ وہ نظام ہم نے قائم کر لیا ہے - اس لیے ہمیں قوانین کے اجراء کے لیے کوشش کرنی ہو گی اور اس روح کو بھی قائم کرنا ہو گا جو روح اس نظام کی روح ہے - ہیئت بھی ضروری ہے ، فارم بھی ضروری ہے ، سپرٹ بھی ضروری ہے ، سپرٹ فارم کے بغیر معتبر نہیں ، روح ، ہیئت ، جسم ، اورجسد کے بغیر معتبر نہیں اور جسم روح کے بغیر معتبر نہیں - ان چیزوں کے اشتراک سے وہ نظام قائم ہوتا ہے جسے ہم نظام مصطفیٰ کہتے ہیں - ان الفاظ کے ساتھ میں جناب والا ! سینیٹ کے معزز اراکین کا ایک مرتبہ پھر شکریہ ادا کرتا ہوں اورآپ سے گزارش کرتاہوں کہ آپ اس بل کی منظوری کے لیے باقاعدہ اقدام فرمائیں - شکریہ -

**Mr. Deputy Chairman:** Now, I will put the question. The question before the House is :

"That the Bill to prohibit the manufacture, sale and consumption of intoxicating liquors [The Prohibition Bill, 1977], as passed by the National Assembly, be taken into consideration".

(*The motion was adopted*)

**Mr. Deputy Chairman:** The motion is carried.

(*At this stage Mr. Chairman took the Chair*)

**Mr. Chairman:** Now, we will take up clause by clause consideration of the Bill. Since there are no amendments to the Bill, as usual, we can take up all the clauses together except No. 1.

So, the next question before the House will be :

"That all the Clauses from No. 2 to No. 20, both inclusive, form part of the Bill".

(*The motion was adopted*)

**Mr. Chairman** : All the Clauses from No. 2 to 20 form part of the Bill.

Next question is about Chapter VI Miscellaneous from clauses 21 to 23. Yes, these are the three clauses.

The question before the House is :

"That Clauses 21, 22 and 23 form part of the Bill."

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman** : The three Clauses, 21, 22 and 23 form part of the Bill.

Now the last question.

The question before the House is :

"That Clause 1, Preamble and Title form part of the Bill".

*(The motion was adopted)*

**Mr. Chairman** : Clause 1, Preamble and Title form part of the Bill.

Now last item No. 8. Maulana Sahib, you move it.

**Maulana Kausar Niazi** : I beg to move :

"That the Bill to prohibit the manufacture sale and consumption of intoxicating liquors [The Prohibition Bill, 1977], be passed".

**Mr. Chairman** : The motion made is :

"That the Bill to prohibit the manufacture, sale and consumption of intoxicating liquors [The Prohibition Bill, 1977], be passed."

میرے خیال میں کافی بحث ہوچکی ہے - چوہدری صاحب آپ کچھ فرمانا چاہتے ہیں ؟

**چوہدری محمد اسلم** : جی ہاں - جناب چیئرمین ! میں اس بل کی تائید کرنا چاہتا ہوں اور اس سلسلے میں میری ایک چھوٹی سی گزارش ہے - میں مولانا صاحب کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سیکشن میں 2 کرپشن آفیسر کے متعلق ذکر ہے جو کہ اس بل کی اینفورسمنٹ کے لئے مقرر کئے جائیں گے - اس سلسلے میں یہ عرض

**[Choudhry Mohammad Aslam]**

کروں گا کہ اس کے لیے ایسے لوگ رکھے جائیں جو مشنری طور پر اس لعنت کو روکنے کے لئے کام کرسکیں ۔ کیونکہ عام مشاہدے کی بات ہے کہ جتنے بھی ممانعت کے قوانین ہیں اور ان کو جو چلانے والے ہیں مثلاً کسٹم والے ہیں اینٹی سمگلنگ والے ہیں وہ لوگ خود اس کاروبار میں شریک ہوجاتے ہیں ، لوگوں کی اعانت کرتے ہیں اور ان کو طریقے سکھاتے ہیں اس وجہ سے بہت سے اچھے قوانین پر عملدرآمد نہیں ہوپاتا ۔ کیونکہ ان پر جو عملدرآمد کرانے والے لوگ ہوتے ہیں ان کا جذبہ اور ہوتا ہے ۔ تو میرے عرض کرنے کا مقصد یہ ہے کہ کرپشن آفیسر کو مقرر کرنے کے لیے یا تو کوئی علماء کا بورڈ ہو جو ان لوگوں کا جائزہ لے اور ان کی اپائنٹمنٹ کرے یا جیسا بھی مولانا صاحب مناسب سمجھیں ۔ بہرحال اس سلسلے میں میری یہ گزارش ہے کہ کرپشن آفیسر کم از کم معیاری قسم کے لوگ ہونے چاہئیں تاکہ ہمیں اس قانون سے کوئی فائدہ پہنچ سکے ۔ شکریہ ۔

جناب چیئرمین : شکریہ ۔ مولانا صاحب آپ جواب دے سکتے ہیں ۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا ! میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ ایک طرف میرے دوست یہ کہتے ہیں کہ مذہب پر کسی کی اجارہ داری نہیں ہے اور دوسری ان کے نزدیک مذہب کا کوئی کام نہیں ہو سکتا جب تک کہ علماء اس میں شامل نہ ہوں ۔

بہر حال ان کو بھی اور ایک اور دوست کو بھی جنہوں نے بہت سے نکات اٹھائے ہیں کہ یہ بات بھی ہونی چاہیئے ۔ اور یہ بھی نہیں ہے ۔ اور یہ کیوں ہے ۔ ان میں سے یہ عرض کروں گا کہ اس بل کے بعد رولز بنائے جائیں گے جو کہ صوبائی حکومتیں بنائیں گی ۔ ان کے اندر یہ ساری باتیں جو کہ معزز اراکین کے ذہنوں میں ہیں وہ آجائیں گی ۔ بل میں یہ ساری باتیں نہیں آسکتیں ۔

**Mr. Chairman :** Now, I will put the question.

The question before the House is :

"That the Bill to prohibit the manufacture, sale and consumption of intoxicating liquors [The Prohibition Bill, 1977], be passed."

[*The motion was adopted*]

**Mr. Chairman :** The Bill stands adopted unanimously.

[*Thumping of desks by the Senators*]

There is no other business left.

We are meeting tomorrow, at what time ? Would 9-30 suit you ?

**Voices :** Ten.

**Mr. Chairman :** I think, we should meet a bit earlier not 10.00.

**Voices :** Nine thirty.

**Mr. Chairman :** All right. The House stands adjourned to meet again tomorrow at 9-30 a.m.

[*The Senate then adjourned till half-past nine of the clock in the morning on Thursday, May 12, 1977*]